ی واقعہ کی طرف نظر کریں اور یقین کر دہ قوم ہیں کی مسجد شہید کی جاتی ہے اس نے اپنے ایام سلطنت میں ایسا یوں کے ساتھ کیا کیا تھا اور آج اس کے ساتھ کیا کیا جا رہا ہے کہ کبھی مسلمانوں کی قوم بھی طاقت و قوت رکھتی تھی ایک وہ زمانہ بھی تھا کہ سارا یورپ اس کے چشم و ابرو کے اشارہ پر چلنے کے لئے کمربستہ و آمادہ تھا بہت بڑی بڑی عیسائی سلطنتوں کی رعایا بن کر صدیوں تک زندگی بسر کرتی رہی ہے آج اس قوم کے بے شمار احسانوں کا اگر عوض آپ ادا نہیں کر سکتے تو کم از کم اس سے تحفۃً بخشش سے تو نہ بنائیے۔

بیشک مسٹن روڈ بن کر تیار ہو گئی اور مسٹن صاحب کو اس کی خوشی بھی ہوئی یہ سڑک کے نام کی ایک سڑک یادگار رہی لیکن یہ یاد رہے کہ اس سڑک کا نام جب تک باقی ہے شہید مسجد ہر اس سڑک سے گزرنے والے کو آپ کی بیداد اور اپنی مظلومیت و شہادت یاد دلاتی رہے گی۔

حیف صد حیف سڑک کی وسعت دیکھی گئی لیکن مسلمانوں کی تنگ دلی کا خیال نہ کیا گیا سو سڑکیں تنگ ہوں لیکن رعایا کا دل جب کشادہ ہے تو کیا مضائقہ۔

سڑک پیچ در پیچ خم در خم ہو مگر رعایا کے قلوب درد و بغض سے مستقیم ہوں تو خلاف حکومت و فرمان روائی ہے آپ نے سڑک سیدھی بنائی لیکن قلوب منحرف ہو گئے آپ نے سڑک میں وسعت پیدا کی لیکن قلوب تنگ ہو گئے۔

اس واقعہ نے مسلمانوں کو بہت ہی مایوس کر دیا تھا لیکن پھر بھی غیظ و تحمل سے کام لیتے رہے نتیجہ دو سال مسلمانوں کی برداشت نہیں اس نے خون کو جوش پیدا کر دیا اگر یہ مسلمانوں نے کیا ہوتا تو اب تک کہاں پہنچ گیا ہوتا کسی فضی دنیوی ترقی سے قطع نظر ہم ایک مخالطہ آمیز صورت بنام مخلص آپ کی پیش کر دی کہ غور یہ ہے کہ مسجد کا حصہ محفوظ

ہوگیا اور مسٹر صاحب کی منصوبہ پوری ہوگئی۔

قیدی رہا کر دیئے گئے اور اس مسرت میں بڑی شاندار گارڈن پارٹی مسلمانوں کی طرف سے آراستہ کی گئی۔ عالم صاحب فتوے دے کر انگریزوں کے منظورِ نظر ہوئے اور بشپ صاحب سی ہزز کی تعلیم لے کر کامیاب واپس ہوگئے افسوس اس کا ہے کہ عالم صاحب کو بجز یک گونہ خوشنودی مسٹر صاحب کی جناب سے اور کچھ نصیب نہ ہوا لیکن اصل حقیقت اب تک چھپی ہوئی تھی جس نے مسلمانوں پر کھل کر دی۔

(۱۰) نہ وہ بڑا مرزہ کر دینے والے واقعات ہندوستان میں ہو ہی رہے تھے جو خلافت کے متعلق لائڈ جارج وزیر انگلستان نے اپنا فیصلہ شائع کیا اس فیصلے نے کھلے لفظوں میں یہ بتا دیا کہ نہ صرف ہندوستان کے مسلمان بلکہ پوری قوم مسلم خواہ وہ کسی سرزمین میں بستی ہو وزیر انگلستان کے خیال میں ایک سردرد ہے جسے یہ چند خاک کر دینا چاہتے ہیں

مسئلہ خلافت مسلمانوں کی بدنصیبی کی سب سے زیادہ قوی علت اُن کی یہی مذہبی ذمہ داری ہے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ نہایت اختصار کے ساتھ اس کی کچھ تفصیل کر دی جائے تاکہ عام اسلامی کے نہ مٹنے والے اضطراب کی حقیقی علت معلوم ہو جائے۔

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی ذات کو حق سبحانہ نے خاتم النبیین فرما کر ہمیشہ کے لئے نبوت کا دروازہ بند فرما دیا اب یہ امر قطعی ہے کہ کوئی دوسرا نبی یا رسول ہو سکتا نہ شریعت محمدی کو خاتمہ شریعت اور ہر پہلو سے کامل و تمام فرما کر اس سے آگاہ کر دیا کہ قیامت تک یہی شریعت قائم رہے گی کسی نئی شریعت کا نزول نہ ہوگا۔

پس ایک ایسی شریعت جسے قیامت تک دنیا میں قائم رہنا تھا اس کے لئے اس کی ضرورت تھی کہ اس خاکدان عالم میں جہاں فرزند آدم بستے ہیں نہ کہ ملک و فرشتہ

اس کی حفاظت اس طرح کی جائے کہ مذہب کا بازو سیاست سے قوی کر دیا جائے۔

یہ ایک حقیقت واقعی ہے کہ جو مذہب اپنی حفاظت نہیں کر سکتا وہ دنیا میں زندگی کے لئے طاقت دائمی نہیں رکھتا اس کا وجود محض حادثات زمانہ سے متاثر ہونے والے خیال سے زیادہ مرتبہ نہیں رکھتا۔ وہ ہاتھ جس میں الہامی کتاب ہو خنجر بھی نظر آنا چاہیے اسی وقت ہوگا جب کہ دوسرے ہاتھ میں خونخوار شمشیر بھی نظر آتی ہو مذہب جو پاکیزہ سے پاکیزہ تر اخلاق کی ہمیں تعلیم بھی دیتا ہے۔ وہی مجرم کو تائب ہونے پر بعد تنبیہ سے سہ باب عفو بھی کرتا ہے اس کی تبلیغ کے لیے ہمیں دو سیف و سنان ہمیشہ تیز بن کر حمایت و حفاظت میں ساتھ ساتھ چلتے ہیں قلب سلیم کے لئے تذکیر و موعظت ہے اور مفسدین و اعداء کے لئے تیغ جوہر دار ؎

آں کہ میگوید آں بہتر ز حسن

یار ما ایں دارد و آں نیز ہم

اسلام کے محفوظ و مامون رہنے کے لئے تین اصول قرار دیئے گئے پہلا اصل یہ تھا کہ مسلمانوں کا کوئی مرکز ہو۔ چاہیئے دوسرا اصل یہ تھا کہ مرکزی مقام کا ایک امیر ہونا چاہیئے تیسرا اصل یہ تھا کہ مرکزی مقام پر ایسی قوت مجتمع رہے کہ کوئی بد اندیش نظر اٹھا کر دیکھنے کی جرأت بھی نہ کرے۔

حرمین شریفین یعنی مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ زادہا اللہ شرفاً و تعظیماً مرکز سواد قرار پائے جزیرۃ العرب کے شمول سے مرکزی مقام کا استحفاظ تصرف انیرے دور کر دیا نیز ذات مقدس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مقام مرکزی کے امیر تو مسلمانوں کے ہر قسم کی حاجتوں کا روا و بجا سارے کلمہ گو مسلمان مرکزی مقام اور امیر مرکز کے خادم و مطیع

قرار پائے۔

کتب احادیث و سیر کے جاننے والوں سے یہ امر مخفی نہیں کہ شریعت کی روشنی اسی ذات پاک سے تھی تزکیہ نفس اسی روح پرور کے انفاس قدسیہ سے تھا میدانِ جنگ میں وہ سپہ سالار تھا انتظامات ملکی میں ایک بڑا مدبر سلطان تھا نزاعات باہمی و مناقشات کے فیصلہ میں ایک بے نظیر حاکم عادل تھا۔

غرض کہ مسلمانوں کی کوئی ضرورت و حاجت ایسی نہ تھی جس میں بجز اپنے پیغمبر کے کسی اور طرف وہ متوجہ ہوتے جب یہ مجمع الانوار عہد ختم ہو گیا اور پیغمبر نے اپنی اُمت سے پردہ کیا تو تعلیم گاہ نبوت کے ارشد تلامذہ یعنی خلفاء اربعہ کا زمانہ نوبت بہ نوبت اسی جامعیت کے ساتھ اُمت محمدی کی نگہبانی کرتا رہا۔

ہاں جب بنو اُمیہ کا عہد آیا تو اُس وقت بارگاہِ خلافت میں یہ جامعیت باقی نہ رہی معاش خلیفہ کی بارگاہ میں لے جانا معاویہ کا اہل بیت کے آستانوں پر حاضر کرتا تھا اور مسائل شرعیہ کے لئے محدثین و فقہا کا حلقہ درس تھا۔

یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ خلیفۃ المسلمین کی اطاعت و خدمت اُس وقت ہی ائمہ دین و عامۂ مسلمین سے اپنے اوپر واجب ہی سمجھی جس وقت کہ بارگاہ خلافت سے جامعیت مٹ چکی تھی اس کے وجود و دوام میں نے دیکھنے کا شوق ہو وہ نقیہ کا رسالہ الباب الحادی عشر کیف اس مقام پر محض عاملہ سنوحیہ تحریر کرنے کے لئے اس قدر کہہ دینا ضرور تھا کہ دو شعبہ اسلامی جس کے سایہ میں بیٹھکر علماء فقہ و حدیث کا درس دیتے صوفیہ تزکیہ نفس و تصفیہ باطن کی تعلیم فرماتے اُس کا قیام و باقی رکھنا جملہ مسلمانان عالم پر فرض کفایہ ہے۔

سلطنت ترکی اس وقت تک مسلمانان عالم کی طرف سے حرمین شریفین کے
انتظامات سے متعلق تھے اور اگرچہ حرمین کی خدمت فخر کی چیز ہے سلطنت
ترکی نے اسے اپنے ذمہ لے لیا تھا اور دنیا اپنے قلب دین و ایمان کی تجدید
تزئین میں مصروف تھی لیکن سلطنت عثمانیہ کو جو اولیت حاصل تھی وہ اس کی
خدمت میں مشغول تھا۔

حرمین شریفین کا انتظام ان مقامات کی تحسین و تزئین فرائض کو ادا کرنے والے
موذنین و مفتیان دین متین کی خدمت حکام مسلمانان نظامی کو حقہ و تحفہ و سب سے
بڑھ کر سلطانی سے ادا ہوتا رہا غلاف خانہ کعبہ کی تیاری اور اس خدمت رسول کے دیکھنے کی
سعادت اسی کو نصیب ہوتی رہی خلیفۃ المسلمین نے حرمین کبھی کوتاہی کی نہ کبھی مسلمانوں کی طرف
استمداد کا ہاتھ بڑھایا سلطان کے دل و دولت کو اس سے نہیں کسے چھوڑا تھا جس نے
خدمت حرمین شریفین فرض کفایہ ہے اسی طرح اس کی محافظت بھی فرض کفایہ ہے
اس وقت کہ خلافت خزانہ کو تیرہ صدیاں گزر چکی ہیں کوئی بتلائے کہ بجز خلیفۃ المسلمین کے
کس نے مرکزی مقام کی حفاظت میں پانچوں بیدریغ دیا ہے خلیفۃ المسلمین نے حفاظت
کی خدمت اپنے ذمہ لے کر تمام مسلمانان عالم کو اس فرض سے سبکدوش کر دیا ہے
لئے راحت رسان مکانوں میں عیش کی فرصت تھی لیکن اس کے لئے میدان جنگ تھا
دشمنوں کا مقابلہ خدا کی قدرت اور اسباب زمانہ کے تحت میں مدافعت سے
ہٹ گئے ہیں لیکن اس وقت کی مدافعت کا کیا کہنا ہے کہ ہر ایک کو اپنی جان کی پروا نہ تھی
نوجوان مظلومین کو دامن عفو و رحمت دے چکے تھے اور ان کی آنکھیں بند ہو چکی تھیں
لیکن آپ کی آنکھیں اور بند دلوں کی آنکھیں کھلی تھیں اور ان کے ساتھ ہی وہ جب کے

دردِ دل تو نے کی صدیوں سے فرصت نہ تھی ہم نرم بستر اور گرم لحاف میں لپٹ کر راحت کے مزے لوٹتے لیکن وہ تھے کہ خاک و خون میں برابر تڑپتے رہے چھ سو برس سے خدمت خانۂ مسلمانوں کے گوناگوں خدمات اسلامیہ کی ضامن و کفیل تھی۔

پیادہ و فوج کی پرسش داری اور جہاد کی علم برداری رفادہ حجاج کے کھانے کا انتظام سقایہ حجاج کے پانی کی سبیل یہ جملہ امور بارگاہ خلافت ہی سے سرانجام پاتے تھے آج اس کی ہستی فنا کر دی گئی مسلمانوں کا ایسا محسن مٹا دیا گیا آستانہ نبوت کے خادم کا گلا گھونٹ دیا گیا پھر مسلمان بے چین نہ ہوں تو کیا ہوں۔

کسی کا جگر ٹکڑے کر دیا جائے قلب پاش پاش کر دیا جائے جسم ریزہ ریزہ کر دیا جائے اور پھر اس سے یہ پوچھا جائے کہ تو تڑپتا کیوں ہے یہ عجیب بیرحمانہ اور حیرت انگیز طرز کلام ہے۔

فرض کر لیجئے کہ اس وقت مسلمان بے حیائی اور بیدردی کے مجسمہ بن جائیں اور سب کے سب خاموش و ساکت ہو جائیں تو اس سے صورت واقعہ اور نفس مسئلہ کیوں کر بدل جائے گا اگر فرد فرد داخل کرکین وغیرہ گل پرمل دی جائے اور پھر دار دے بیہوشی کی دوائی مہیا کر دی جائے اس کے بعد اس کا گلا کاٹ دیا جائے سر تن سے جدا کر دیا جائے تو بیشک مقتول نہ واویلا کرے گا نہ تڑپے گا لیکن اس کے سر بریدہ ہونے سے انکار کیوں کر کیا جائے گا۔

یہ مسئلہ ابھی کہہ چکا ہوں کہ مقامات مقدسہ کی خدمت اور حفاظت دونوں مسلمانوں پر فرض کفایہ ہے جب اس کا خادم و نگہبان نہ رہا تو یہ فرض اب سارے مسلمانان عالم کی گردن پر ہے جب تک وہ اس انجام نہ دیں گے اس فرض کا مطالبہ برابر ان سے تقاضی رہے گا یہ ہو نہیں سکتا کہ ایک دل اور تن آسانی و تن پروری کے اعذار بارہ

پیش کر کے اس فرض سے سبکدوش ہو جائیں۔

یہ مسئلہ بالکل قطعی ہے کہ نصب امامت پر واجب ہونے میں تو اختلاف پایا جاتا ہے لیکن نصب امام کے واجب ہونے میں کسی کو بھی اختلاف نہیں ہے کہ قوت دفاعی اُس کا ہمہ وقت موجود رکھنا فرض ہے اس سے تو کسی کو بھی اختلاف نہیں۔

اسی جگہ ایک اور مسئلہ بھی سمجھ لینا چاہیے خلافت بمعنی نیابت نبی ہے امامت کہ جس کے بعد امام حسن علیہ السلام حضرت عمر بن عبدالعزیز میں پائی گئی ان نفوس قدسیہ کے سوا جس قدر خلفا بنو امیہ یا بنو عباس میں گزرے ان میں سے کسی کی بھی خلافت امامت کے معنی میں نہ تھی یہ سب اسلام کے قوت دفاعی تھے انھیں خلیفہ جو کہا جاتا تھا اس کی وجہ ضروری سمجھی جاتی تھی وہ محض اسی وجہ سے کہ شیر اسلامی کے یہ محافظ تھے اور حرمین شریفین کے خادم مرکزی مقام کی سیادت اور خدمت و حفاظت ان سے متعلق تھی جب خلفائے بنو امیہ کا عہد تمام ہو گیا اور یہ نعمت بسعادت خاندان عثمان میں آئی تو سب مسلمانوں پر ان کی اطاعت واجب ہوئی یہ مسئلہ نہ تو اجتہادی ہے نہ اس میں فن و اخبار کی گنجائش ہے بلکہ یہ قطعی و یقینی اور ضروریات دین میں سے ہے کہ مسلمانوں پر حرمین شریفین کی حفاظت فرض ہے اور ایسی قوت کا قائم رکھنا جو اعداء اسلام کو ان مقامات مقدسہ سے دفع کر سکے یہ بھی فرض ہے اس سے انکار کرنے والے کا وہی حکم جو فرضیت نماز کے منکر کا ہے خلافت عثمانیہ بمعنی امامت کبریٰ نہ سہی لیکن قوت دفاعیہ ہونے میں کسی امر کا شک نہیں جنگ یورپ سے جب کہ اسلام کی قوت دفاعی کو فنا کر دیا تو اب مسلمانوں پر یہ فرض ہو گیا کہ اُس قوت کو وہ پیدا کریں انگلستان کے وزیر اعظم اور اس کے حواریوں کو یہ ہرگز بھولنا نہ چاہیے کہ یہ وہ فرض ہے جو ادا ہو کر رہے گا۔

یہ فرض نہیں جو کسی خاص خطہ پر بسنے والے مسلمانوں ہی کا فرض ہو اور جسے
خود ہی سلطنت عثمانیہ کو پارہ پارہ کر کے یہ تحریک عالم اسلامی میں پیدا کر دی کہ جو
مسلمان جہاں کہیں بھی ہے اپنے اس فرض کے ادائیگی کے لئے آمادہ ہو جائے۔

(۲) انجام دہندہ موجودہ نسل مسلمانوں کی سے انجام دہی بالقادر مطلق کسی اور
قوم کو دین اسلام میں بڑی خدمت کی سعادت بخشی یا آئندہ آنے والی نسل اس
برکت کی حاصل کرنے والی ہو یہ ایسا فرض نہیں جسے مسلمان بھول جائیں یا ان کا سبب
نہیں ہونے دے رکھ بچ یہ دل کا غبار جو اس کی تیس اس وقت تک بیتاب
کئے گی جب تک یہ کانٹا نکل نہ جائے۔

(۳) مسلمانوں کے مذہب نے ہمیں یہ بتایا ہے کہ اگر ایک مسلمان دوسرے مسلمان
کو ناحق قتل کرے تو یہ ایک بڑا گناہ ہوگا کہ اس سے بڑا گناہ صرف کفر ہی ہے لیکن
یہ قتل جب کہ اس وجہ سے عمل میں آئے کہ کسی قوم کا کافر کا غلبہ مقصود ہو اور مسلمانوں
کے مقبوضات کو محروسات کفار میں شامل کرنا منظور ہو تو یہ نہ صرف گناہ ہے بلکہ کفر ہے
ایک مسلمان جب کہ کسی مسلمان کی زمین لیلے یا اس کے ملک پر فوج کشی کرے تو یہ
جرم عظیم ہے لیکن مسلمان سے چھین کر کافر کو متصرف کر دینا نہ صرف ایک مسلمان کی
حق تلفی ہے بلکہ حقوق مذہب کا اتلاف ہے اسلام کے تصرف سے نکالنا ہے یہ دین کا
ایسا حصہ ہے کہ جس کا منکر بین طور کلام پاک میں موجود ہے یعنی صفحات
بلاد جب کہ خلافت سے بڑے جنگ ہوئی تو مسلمانوں سے یہ فرض کے نام سے
یہ نہیں فتح میں بھرتی کیا وہ مقدسات مطہرہ میں سے ہے اس پاک سرزمین کو جب تاتاری
وحشیوں کو جو خلافت کے جان نثار تھے ان کے ہاتھوں سے قتل کرایا گیا۔

مسلمان ہیں جو سرکار کی نوکری سے فارغ ہو جانے کے بعد بھی اپنے
وہ ان کی جماعت مقامات متعدد پر جنگ کے لئے تیار ہوتی تھی
ہیں آ گئی تھی لیکن انھیں مرد و عورت سمجھ کر ان سے
گئی یہ اندوہناک خبر ہر فوجی فرد کے دل پر لگی۔

(۸) سلطنت بہادر نے فتح کی خبر سن کر بیش قیمت پوشاکیں بھیجی تھیں
مہاراجہ سرکاری نے اپنی افواج کا کمانڈر بنا کر سلطان کو بھیجا تھا
چراغاں جلوس نکالا ہوا پھاڑیں چڑھائیں اور ہر طرف خیر و عافیت
اخبارات میں یہ واقعات آتے رہتے لیکن کسی خبر میں سے یہ
نہیں کیا۔

بہادر بادشاہ کو خوشی سے خوش ہوتا دیکھ کر
بہت خوشی ہوئی کہ مسلمانوں کے لئے
سے اگر انھوں نے فائدہ نہیں کیا تو
لیکن انھیں اپنی جواب پر
تھا اب وہ

(۹) ایک
لئے مقامات
جو اس سے

جلد ہو

[illegible] کہ یہ جنگ [illegible] قول و عہد کو پورا اور [illegible] ثابت
[illegible] کے لیے ہو گی کہ [illegible] جنگ میں [illegible] مقامات مقدسہ
[illegible] کی [illegible] طرح [illegible] کی گئی کہ اس سے زیادہ تکرار کسی
[illegible] کے [illegible] نہیں کی ہے لیکن جنگ کے بعد جگر خراش کلمات کہے
گئے اور [illegible] نے خلافت کے مکروہ [illegible] میں پیوند کر لیے
[illegible] جو [illegible] اور [illegible] اضطراب نہ پیدا ہو جائیں وہی تعجب ہے۔

[illegible] مواعید کے [illegible] سے پیام و زیارت کر آئے خود ہندوستان کے
[illegible] نے ہر جگہ مسلمانوں کا مجمع کیا اور یقین دلایا کہ اس وقت
[illegible] ہو چکی ہے جب ختم ہو جائے گی تو فیصلہ کے وقت خلافت کا اقتدار اور اس کی
قوت عملی خاطر [illegible] جائے گی لیکن آج جو کچھ ہو رہا ہے وہ ناقابل فراموش بیرحمی
[illegible] اقتدار کی خود اپنی نظیر ہے۔

[illegible] یہ کہنا کہ [illegible] خلافت جب کہ فاتحانہ حیثیت سے حاصل کیے
گئے تو [illegible] کی [illegible] کیوں کی جائے یہ عجب طرز استدلال ہے۔

کیا مسلمان ہندوستان [illegible] اقتضا اس وقت ہوتا جب کہ ترک
[illegible] فاتح ہو کر [illegible] خورد و قوم کا فتح و مفتوح کو ملک واپس کر دینا
[illegible] کیا [illegible] سمجھ سکتا ہے۔

[illegible] یہ [illegible] ہے کہ [illegible] کی [illegible] ہے کہ اس جنگ میں [illegible]
[illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

اس کے جواب میں ہز ہائنس نے فرمایا کہ وہ تو یہ کہتے ہیں کہ ہم نے
دیجئے کا وعدہ تو آپ کا ہے آپ کے ہر قول و فعل میں
وغیرہ کا اُن کے وعدہ بھی آپ ہی کی زبان سے ہو چکا ہے آپ
کریں دوسروں سے آپ کو کیا غرض۔

لائڈ جارج: اس سوال کی اجازت دیجئے کہ ہندوستانیوں نے
کیا تھا یا دیگر اقوام یورپ کے مقابلہ میں کیا تھا ہندوستانی آپ کے
طرف سے گلا کٹانے گئے تھے یہ فرانس اور دوسرے
اُس پر فتن زمانے میں مسلمان ہند کی خاموش اطاعت نے آپ کے
ہند کو آپ کے قبضہ میں برقرار رکھا یا اس اطاعت گزاری سے فرانس اور دوسرے
محفوظ رکھا گیا۔

اگر ان سب فرمانبرداریوں کا یہی صلہ ہے کہ سات کروڑ مسلمانوں کی
امتحاس اس حق قدموں سے ٹھکرا دی جائے تو پھر اس ہنگامہ کی ذمہ داری آپ پر ہے
نہ کہ کسی اور پر۔

آخر میں اس بات کی اجازت اور چاہتا ہوں کہ اس وقت تو خلافت کے بارے
جرم میں ہم مبتلا کر دیئے گئے کہ سلطنت خلافیہ نے
شامل و شریک کیا گیا تھا اس مصیبت سے ہم بیگانہ ہوتے تھے
نوازش ہوتی کہ ہم بھی کسی طرح اس سے بچ جاتے۔

ہز ہائنس نے فرمایا کہ اس وقت میں نے آپ کو
آپ نے یہ فرمایا تھا کہ آپ نے

یہاں سے نہ کسی دشمن چنگیز کی غازی اولاد پاش سے تعلق پیدا کر اسلام کا ایمان
جملہ غصب کر دیا اس وقت کون تھا جو یونان کا دست دباز و بنا جس نے ترکوں کو فتح
کے بڑھتے ہوئے ملک سے دست بردار ہونے پر مجبور کیا۔

محمد بن قاسم تیشہ تناسخ ملت کا مسئلہ یہی حکم دیتا ہے کہ قوی کی ہستی ضعیف کو
مٹانے سے قائم رہتی مسلمانوں نے توحید و خدا پرستی کی طاقت و قوت کی قدر نہ جانی آخر کمزور
دلوں ہو کر نمونہ عبرت و بصیرت ہو گئے یہ اپنی شامت اعمال اور سوء اعتقاد کا نتیجہ
ہے جو سامنے ہے یہ زحمت کیوں اٹھاتے ہو جو اپنے فیصلہ کو اخلاق و انصاف
کا مسئلہ ثابت کرنا چاہتے ہو۔

اضطراب و بے چینی کے ایسے واقعات جو بہت ہی اجلی و روشن ہیں انھیں ہم نے
اختصار کے ساتھ بیان کر دیا ہے اب گورنمنٹ کو اختیار ہے کہ رعایا کی بے چینی جس طرح
چاہے دفع کرے مسلمانوں کے مذہب کا یہ نہایت سچا اور مستحکم مسئلہ ہے کہ مسلمان پر اس حصہ
زمین پر جہاں ہو سکتا ہے جہاں ارکان دینی میں مزاحمت نہ کی جائے لیکن مرکزی مقام کا
کسی کے نفوذ و تسلط پر چھوڑ دینا مسلمانوں کے لئے ایک ایسا گناہ عظیم ہے کہ جس کا کفارہ نہیں
اس جگہ کے لئے صرف اسی قدر کافی نہیں کہ ہم وہاں ارکان مذہبی بجا لاتے اور ادا
کرتے ہیں بلکہ اس کو اس حیثیت میں ہونا چاہیے کہ اگر بالفرض کوئی طاقت اس مقام پر
قبضہ و تسلط بھی ہونا چاہے تو مزاحمت اس کے تسلط و سطوت و ارکان سے خارج ہو
مرکزی مقام پر مسلمانوں کی ایسی قوت ہر وقت مجتمع و تیار رہنا چاہیے کہ دینی و مذہبی
ارکان کی تعمیل بزور و قوت ہوتی رہے نہ کسی کی عنایت و رعایت کے تحت میں ہو اس
کے ساتھ خطبہ کی پختگی اور صحیح تصور پیدا کرنے کے بعد مسلمانان ہندوستان کو بتانا ہے

کیا گیا موالات کی تحقیق و تشریح جو کچھ بیان کی گئی اس سے ہر شخص یہ سمجھ سکتا ہے کہ وہ کون سے تعلقات و روابط ہیں جنہیں گورنمنٹ سے ہر مسلمان کو خواہ وہ فریق محارب بھی ہے، پیدا کرنا یا باقی رکھنا جائز ہے اور کن سے تعلقات و قطع کرنا واجب۔

مقاطعہ کی تحقیق بھی گزر چکی بخاری و مسلم کی حدیث سے ثابت کر دیا گیا کہ یہ ہرگز داخل موالات نہیں اپنے فریق محارب کے ساتھ جو خانہ کعبہ پر قبضہ کئے مسلمانوں کو عمرہ و حج ادا کرنے سے مانع آتے تھے بیت اللہ کو صنم خانہ بنائے ہوئے تھے جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقاطعہ جاری نہ رکھا اور عمر مقاطعہ سے ان پر غلبہ پانے کی کوشش نہ فرمائی تو اب کسی کا یہ کہنا کہ یہ قرن کا محبوب اور تمام مسلمانوں پر فرض ہے یہ [illegible] کہا جاتا ہے کہ اس وقت جب کہ ہندو اور انگریز حکومت مسلمانوں پر ہے تو وہ چیز جو مسلمانوں کو دشمن اسلام پر غلبہ عطا کرے وہ قیام مقاطعہ جاری ہونا اور دینا ہے مگر خاموش مقابلہ دشمن سے مقابلہ کے وقت بہت سے مسائل کی صورت متغیر ہو جاتی ہے مثلاً جاسوسی اگرچہ قابل شرعاً مذموم ہے لیکن فریق محارب کے مقابلہ میں جاسوس فکر کرنا ان کے مرائر و تغیرات کا پتہ لگانا مستحسن و ضروریات جنگ میں سے ہے۔

فریق محارب پر بحالت مواجہ و مقابلہ فوجی و جنگی تک بند کر دینا جب کہ جائز ہے تو اس وقت انگریزوں سے مسلمانان ہند کا جو مقابلہ ہو گیا ہے اس میں چیزیں جو بحالت امن جائز نہیں بحالت مقاومت مجہول کی وجہ سے جو قیام مقاومت ہے جائز سمجھی جائیں تو کیا عجب اور شرعی لازم آتا ہے خصوص ایسی حالت میں جب کہ یہ حکومت ہے دست آویز بنا لیں ہوئے بلکہ نہایت خاموشی و سکون سے اپنے ہر حق کے تعلقات ان سے منقطع کر دیتے تھا

اس نقصان کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ حکومت اپنے دشمن کا رُخ کرے اور مگر ہو چکر فیشن ہو جائے اس وقت دو فائدے حاصل ہوں گے ایک تو حکومت ہندخود مختار ہو کر سوراج حاصل کرلے گی دوسرے مسلمانوں کا بڑا حریف دُنیا سے اگر دفع نہ ہوگا تو کمزور ضرور ہو جائے گا۔ مسلمانوں پر یہ فرض ہے کہ وہ انقطاع کی کریں۔

اس کے جواب میں فقیہ نہایت ادب سے گزارش کرتا ہے کہ سوال جواز و عدم جواز کا نہیں حضور آپ کے اس دعوے میں ہے کہ انتخاب کی تحریکات کی تعمیل مسلمانان ہند پر فرض ہے اور یہ چشتی نے دفع یہ تجویز یا تحریم پیش کرے وہ مرتکب حرام دائرہ اسلام سے خارج ہو چکا ہے۔

یہ امر تو بیشک یہ دین کا مسئلہ ہے کہ مسلمانوں کو یہ صفت ادا نہیں ہو وہ اپنی ہستی کو مضمحل فنا تو نہ بنا کر رکھیں بیشک اصول زندگی مسلمانوں کو ایسا قرار دینا چاہیئے کہ دیگر قوموں کی طرف نہ جھکاؤ ہو نہ یہ دوسروں کے دست نگر ہوں یہ ایسی بدیہی باتیں ہیں جن سے کسی وقت انکار نہیں لیکن تقویۃ و تعمل غلبہ کی جو صورتیں آپ پیش فرما رہے ہیں وہ مسئلہ شرعی نہیں ہے بلکہ وہ آپ کی رائے ہے۔

غایۃ مافی الباب یہ کہہ لیجئے کہ آپ کی رائے ایک مسئلہ شرعی کی تائید میں ہے لیکن یہ رائے کو فقہ میت کا فتویٰ دو گواہوں کا حکم قرار نہ دیجئے کہ ہم آپ کی [illegible] ہے تو [illegible] فرض کا مطالبہ کیسے فرض تو وہی ہیں جنہیں حق تعالیٰ نے فرض [illegible] ہے اس سے انحراف کرنا [illegible] ایسا دعویٰ کرنے والے کو [illegible] ہے تو نہیں ہے۔

بیشک ہمارا عقیدہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مقتدر [illegible] ہیں تو [illegible]

حضرت حباب بن المنذر عرض کرتے ہیں کہ یا رسول اللہ اس مقام کا انتخاب کا وحی ہے
بموجب حکم الٰہی قرار دیا ہے یا موقع و تدبیر جنگ کا خیال آپ نے خود فرمایا ہے
اور جنگ بدر حضرت حباب عرض کرتے ہیں تو پھر یہ مقام مناسب نہیں ہے خیمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حباب ابن المنذر کی رائے کو شرف قبول فرماتے ہیں۔

اس واقعہ سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ایک امر دینی اور وحی ربانی کے متعلق ہو جب کہ شریعت نے صورت متعین و تشخص نہ کر دی ہو تو مختلف رائے کی گنجائش ہے اپنی رائے کو عین وحی اور امر دینی قرار دینا خلاف شرع ہے بعض اوقات آپ بارہا اپنی رائیں رسول خدا کے حضور پیش کیں جو قبول ہوئیں لیکن آپ کا مقام ایسا رفیع و بلند پایہ ہے جہاں اصلاح و ترمیم تو کجا عرض و معروض کی بھی جرأت نہیں جنش لب پر تغیر کا فتویٰ موجود ہے نہایت ادب سے پیش ہوئی فرما دیا قبول فرمائیں یا رد فرما دیں مناسب کہیں اس کی پروا نہیں۔

ترمیم کے بعد جانے کا ارادہ ۔ اس کے بعد یہ کہ آپ فرماتے ہیں کہ مقام اس وقت فرض ہے اور ترمیم عرض کرتے ہیں کہ اس طریق سے مقام کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منسوخ فرما دیا ہے میں حضرت نہ جان اڈا کا ارادہ فرماتے ہیں کہ بدر جائیں لیکن آنجناب کے پاس بجز ان گنتی کے سو آدمیوں کے جمعیت مسلمانوں کی اور نہ تھی بتایئے کہ جس کے عمل کا نتیجہ مخالف ہے یہ رائے کیونکر

غزوہ بدر کی رائے ۔ یہ مقام کا ارادہ جب تک کسی حد تک مذہب سے تعلق نہ رکھتا ہو کوئی تعلق نہیں ہے ہاں اس وقت تک تو آپ کو موقع دے سکتے ہیں لیکن جب آپ سے عہد و پیمان ہو گئے اور کفر و اسلام کے مقابلہ سے آپ کی خاموشی کو تعلق ہو گیا تو پھر آپ بہتر جانتے ہیں لیکن یہ نکتہ ہمیشہ یاد رکھیں کہ ایسی نازک موقع کی بھی تو

ہمیں بتایا ہے

ہوسے نے بھی اب اگر بتوں کا نہ کریں گے
ب حضرت ہوتن یہ مسلم ہے جو ارشاد
پھر آپ ہی فرمائیں کہ کیا کیا نہ کریں گے
ہیں جو بتوں پر ہوتے ہیں آپ کی بات

ہوشیار ہوں ہے کہ خاموش رہنا بھی ایک زبردست قوت کا خواہاں ہو بندہ فریب
ساتھ رکھتے ہیں کہ وہ اپنی خاموشی کو نباہ لے جائیں گے بلکہ اگر چاہیں گے تو
بلے مقابل کو خاموش بھی کرا دیں گے لیکن افسوس ہے کہ مسلمانوں میں کسی قسم کی طاقت
کا نام و نشان نہ ہی نہیں بلکہ ان میں نہ وہ طاقت ہے نہ اخلاقی نہ دینی قوت ہو نہ روحانی
بندی کا نمونہ۔ اگر آپ کرنی قدرت کو ایک محو کی فرصت عطا کرے تو میں حقیقت سے
بتا دینے کے لئے میں دل و جان سے تیار ہوں۔ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ خاموشی
مقابلہ ہے یا تو اس وقت ہو سکتا ہے جب استطاعت مقابلہ فرض ہے جس کا نہ ہونا
پتے ہوئے۔

ربانیہ تمام ہوئی کہ خطبہ کا موقع ہو نہ ہو تی ہے گزینہ مت ملا مودودی آپ کا
مقصد ہو تو وہ کام شروع کیجئے جس سے مسلمانوں میں طاقت و استقامت پیدا ہو اجتماع
جماعت کے نام میں پاس جائیں دیکھئے بغیر و ہاں نہ ہو سکے خاموشی
مقابلہ میں بھی توقع نہ رکھئے ان کے لئے حکومت کی تھپکی بھی کفایت کرتی ہے
خاموشی سے آپ اب بھی نہ سمجھے اور اس چیز کو کسی حالت سے قابل قبول اور
خاموشی مقابلہ سے نہیں کر دیا تو پھر دیکھتے کہ خاموشی سے کیا ہوتا ہے کہ
کسی نہ کسی طرح نہ نہ نہ ہو جائیں گے اگر ہم سب تک اس کی تبلیغ نہ کریں گے
قبرت و بصارت کا حق ادا نہ ہوگا۔

خاکسار یہ عرض کرتا ہے کہ آپ حضرت کو اپنے جانشین پر اس سے زیادہ
کتاب و سنت سے کیا بتا دیجئے کہ مسلمانوں کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ جب تک تم میں
ناتوانی ہو تو اس وقت تک خاموش رہو اور دشمن کے مقابلہ میں کبھی نہ کرو۔ بے
بے حرمت کیے قتل کر ڈالے تو یہ سب برداشت کرو۔ اس سے جب تک تم
اور تمہاری ہستی ایک وجود موہوم کا مرتبہ پائے گی تو اس وقت دشمن مغلوب و مقہور
ہو جائے گا اور تم غالب و فاتح۔

اگر شریعت سے آپ اس کا جواب نہ دے سکیں تو پھر کسی قوم کی تاریخ سے یہ
ثبوت دیجئے کہ مقاومت بغیر قوت و استطاعت کے کس میں کامیاب
ہوئی۔ اگر یہ بھی نہیں تو پھر اس درخواست کو قبول فرمائیے۔ یتیموں کی بات
یعنی یتیموں کے سر پر حمایت کی مشاقی نہ کیجئے۔

اس وقت آپ کی جملہ تحریکات پر تنقید مقصود نہیں بعض امور میں آپ
ملک کے لئے بہت ہی مفید ہیں مثلاً سدیشی یا ترک قوم فروشی و انگریز پرستی وغیرہ لیکن آپ کی
وہ تحریک جس سے مسلمانوں کی سخت تباہی ہے اور انگریزوں کا زور بڑھتا ہے مقصد
نہیں یعنی مسئلہ تعلیم اس کے متعلق کچھ گزارش ہو شاید آپ حضرت میں سے کسی کی سمجھ
میں آجائے

مسئلہ تعلیم ہندوستان کی حفاظت کے لئے جب پہلی سلطنت نہ رہی اور ہندوستان میں ایک
اجنبی و بیگانہ قوم کی حکومت قائم ہوئی اور حکمرانی کرنے لگی تو علوم اسلامیہ کی تحصیل میں
مسلمانوں کی سرد مہری سے بڑھنے لگی۔

اگر یہ زبان اجنبی محض بولنے سیکھنے میں محنت شاقہ برداشت کرنی پڑتی تھی لیکن مجبوری

یہ تھی کہ بعض یونان معاشرہ کی تہذیب نے وہ ذہنیت نہ دی جس نے مسلمانوں کو انگریزی کی طرف مائل کیا اور وہی فکر معاش تھی۔

یہ مسئلہ قابل بیان نہیں کہ مقاصد علوم تین ہیں تہذیب اخلاق، تزکیہ نفس اور تربیت دماغ بلا خوف تردید یہ کہا جا سکتا ہے کہ علوم کے ہر سہ مقاصد کا بدرجہ تمام و کمال تحصیل علوم سے ہوتا تھا۔

صدیوں تک مسلمانوں نے دنیا پر ایسی حکومت کی ہے جس کی نظیر نہ صفحات تاریخ میں ملتی ہے نہ آئندہ کسی دوسری قوم کی ایسی تاریخ لکھی جائیگی جہاں بانی و فرمانروائی کے ساتھ ہی ساتھ علم و فن کی بھی ایسی خدمت کی کہ بہت سے علوم انہیں کے اختراع سے ترقی پذیر ہوئے بہت سے علوم مسلمانوں نے خود ایجاد کئے کتنے ہی علوم و فنون ہیں جن کی ذیلی علوم عقلیہ اور فنون نقلیہ کے علاوہ خود ان کی مذہبی تعلیم کا ایسا بیگراں سرمایہ موجود ہے کہ ایک دانشمند جو اپنے مذہب کو سمجھنا ہے اور اس کے بتائے ہوئے اصول کو اپنی زندگی کا دستور العمل قرار دیتا ہے وہ اس سے بے نیاز نہیں ہے کہ اپنے دماغ کی تربیت اپنے اخلاق کی تہذیب اپنے نفس کا تزکیہ کسی غیر زبان یا غیر قوم سے علوم و فنون سے کرے

لیکن جب اپنی سلطنت علوم اسلامیہ کی حمایت و حفاظت سے ساتھ ہی تو ترقی کے ساتھ ساتھ ٹوٹ گئے اور علوم و فنون کی عمارت [illegible] دنیا میں سربفلک تھے سلطنت تھیں انہوں نے علوم و فنون کی [illegible] کسی قوم میں جب سلطنت آئی ہے تو اس کے ساتھ بہت سے علوم [illegible] لیکن جب سلطنت جاتی ہے تو خاص و کمال صرف تاریخ ہی نہیں ہو جاتے بلکہ ایک کافی مدت تک کے لئے دنیا میں [illegible]

وہ تو اس انقلاب کلی سے متاثر ہوکر بدل گئی ہیں تشدد ہی ہوتی ہے ۔ یہ
سمجھ میں نہیں آتا۔

ہندوستان سے مسلمانوں کی سلطنت جب ختم ہوئی اور انگریز قوم نے
ان کی آنکھیں کھولیں تو انھیں معلوم ہوا کہ سلطنت کے ساتھ کیا کیا نعمت
ہوگئی یہ دوسری وجہ تھی جو علوم و فنون کی طرف انھیں مائل کرنے والی ہوئی اس وقت تک
علاوہ فن کے ضرورت نہ تھی کہ کسی اور چیز کی حاجت ہو اس پر بھی ضرورتی کہ اس سے بہ
حیثیت اور بھی سلطنت کے ہو سامان سلاطین عالم کے پاس ہیں اگر ہندوستان انھیں اپنے سے
خیر خواہ سمجھتا ہے تو آزاد ہوکر دوبارہ گرفتاری و غلامی کی کس غیر سلطنت کو دعوت دیتا ہے
اس وقت مجھے صرف اس قدر گزارش کرنا ہے کہ جب تک ہندوستان میں حکومت برطانیہ
باقی ہے اس وقت تک وہ خدمتیں بھی باقی ہیں جن کے بجا لانے سے ہمیں
انگریزی کی طرف مائل کیا۔

ایسی تعلیم کو ہم جس کی سند و تصدیق مصدقہ مسلمہ گورنمنٹ ہوں حاصل کرنے سے
ملازمت کا استحقاق ہے اس وقت تک خدمتیں ہیں جب تک حکومت باقی ہے۔

ہندوستان میں انگریزی حکومت سے قبل جو کچھ پڑھا جاتا تھا وہ ہمارے
اس کا ہاتھ ہم سے نہ چھوٹے ہیں اگر ہم اس کو چھوڑ دیں تو ہم
پھوٹے ہیں اگر ہم اس کو چھوڑ دیں تو ہم

ہے سرے دفاتر قوانین سے بھرے ہوئے ہیں پھر آج انھیں یہ زور بھی حاصل ہے
نیا دین تو اب بھی سمجھے پہلے اس کی قوت پیدا کیجئے کہ آپ کی خاموشی دیکھ کر
دشمن چھا جائے اور اس کی جمعیت کا شیرازہ بکھر جائے پھر خاموش ہو جائیے۔

فرض کیا کہ آپ میں طاقت خاموشی نہیں لیکن ہندوؤں میں ہے پھر آپ دونوں
ل کر دو دل یک شود بشکند کوہ را کا نمونہ پیش کریں گے برس روز میں سوراج حاصل
ہو جائے گا لیکن اس وقت جب کہ سوراج کا عمل ہوگا عہدہ و مناصب کے مستحق اور حکومت
کے وہی شریک ہوں گے جن کے ہاتھوں میں علوم مغربیہ کی سندیں ہوں گی۔ انقلاب
حکومت کے بعد جب تک جدید حکومت اپنے قوانین وضع نہ کرے علوم و فنون کا تعین
و تنخواہ نہ ہو اس وقت تک سوراج کا قانون یہی موجودہ قانون حفظ رہے گا
نئی نسل پڑھنے والے اساتذہ ہوں گے اور اسی علم کی تعلیم دیں گے۔ سوراج میں بھی
ہوگی۔ غرض سوراج میں بھی اس نسل کے لئے موجودہ تعلیم مفید ہی رہیگی۔

رہا یہ اعتراض کہ موجودہ تعلیم میں نقائص ہیں ضروریات قومی کے لئے یہ تعلیم
صحیح نہیں کافی بات یہ ہے بلکل بجا درست لیکن یہ کوئی نیا خیال نہیں اس کی پکار جوش
تو ایک مدت سے سنی گئی ہیں ان کے جد و جہد کی مختصر تفصیل یہ ہے۔

تعلیم انگریزی کا ہندوستان میں جب آغاز ہوا تو نصاب تعلیم اور اس وقت تعلیم میں کچھ
بھی کا انتظام نہ تھا جس سے قومی و مذہبی معلومات پیدا ہوں لیکن اشخاص جن کا مطمح نظر قوم کو
ایک اندوختہ دینا تھا انھوں نے اس نقص کو دیکھا اور قومی کالج کی بنیاد رکھی اس میں مذہبی
تعلیم مسلمانوں نے سبقت کی تعلیم یونیورسٹی کے ساتھ جس قدر قومی و مذہبی تعلیم کا انتظام ہو سکتا
تھا اپنی درسگاہوں میں کر لیا لیکن قیود کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ خود مسلمانوں نے

ں سے مستفید و مستفیض ہونے کی کوشش نہیں کی اس لئے ابتدائی انتظار کے بعد ہی کوئی تحریک
یا تڑپ کسی طرح کی افزائش ہو سکی نہ اس میں استقرار و انضباط کی شان پیدا ہو سکی۔

مثلاً علی گڑھ کالج میں تعلیم دینیات کا جو انتظام رہا ہے مسلمانوں کی اولاد کو اس سے
کچھ حاصل کرنا چاہتی تو آن مذہب کے لئے اس کا وجود جبھی ہو سکتا تھا جب کہ انتظامیہ میں بھی یہ
ایسے حضرات بھی برابر شریک رہتے جن کی دلی عقیدت بھی کم از کم ظاہر میں ذرا سی مذہبی کردار
اثر و نفوذ پیدا ہو جائے جس کی جانشینی انھیں جہاں کہیں بھی ملے اور جس ماحول میں بھی
خدمت اسلام سے غافل نہ بے پروا نہ ہونے دے یہ کوشش اس کی برابر مسلسل جاری رہی
لیکن ملک و قوم میں مذہب سے بے پروائی کی جو رو ہمیشہ چلتی رہی اس میں یہ بھی پرگندہ
و منتشر ہو کر رہی۔

معترضین کی فرض شناسی | اس جگہ غیر ضروری اضافہ کے ساتھ یہ بات بھی کہہ دینی چاہئے کہ
سب و شتم اور لعن و طعن کا بھیجنا تو مسلم ثواب و عبادت سمجھ رہی ہے احاطۂ کالج میں ان کی
خدمت اس وقت تک کسی کی قسمت میں رہی اور کوئی صاحب انھیں دعوت چائے دینے کی
فکر کر لیتے ہاں ان کی تشریف آوری جب کبھی احاطۂ کالج میں ہوئی تو کرکٹ کے میدان کی
رونق ہو گئی یونین کلب میں گرمی سخن کی دھوم دھام رہی لیکن نماز ادا کرنے کی نوبت
کبھی آتی دیکھی گئی۔ جنوری ۱۹۰۰ء میں بھی تین ان تک کالج میں قیام رہا حضرت تیرہ میں
ایٹ فیلڈ اور یونین کی دعوت خوب ہوئی لیکن اس تشریف آوری کو تین تک کو نماز
نوش ہی رہا کبھی ان میں سے ایک صاحب بھی نماز تجوید کے لئے مسجد میں شریک نہ ہوئے
تعجب میں بیٹھے نہ دینیات کے کمرہ کو کالج کا حصہ سمجھا یہ کہ کالج کا یہ بھی ایک شعبہ ہے
سے کوئی مشورہ دیکھ رہا ہے ان میں سے کسی نے بھی مذہبی کسی وقت پیدا کرنے کی کوشش کی اس سب

مسز گاندھی کا کہنا ہے کہ ہم نے اس کی مخالفت میں داخل ہوئے تو اس تحریک کی تبلیغ شروع کی کہ یونیورسٹی کے بنا دگتا ہیں حلق نصیبان کے ہاتھ کر دیا۔ وہ گئے یہ میہ چورنا چلاؤ سیاست سلطنت علم مذہب زراعت سب اس چرخے کی گردش و چکر سے تعمیر ہو جائے گا۔

اس وقت تک قومی اسکولوں اور قومی کالجوں نے جو کچھ خدمت ملک و قوم کی کی ہے وہ آج سامنے موجود ہے لیکن بلند بخت فراخ حوصلہ ہمدرد ان قوم نے اسے بھی اپنے مقاصد کے لئے محض ناکافی سمجھا اس لئے یونیورسٹی کے خواہاں ہوئے۔

قومی یونیورسٹی کا خیال بھی آج سے ۲۵ برس قبل جس کے دماغ میں آیا وہ آزاد مصنفیت زدہ قوم مسلم کا ایک فرد تھا اب کہ یونیورسٹیاں مل گئی ہیں ان کی آزادی کا سوال درپیش ہے مخالف تحریک کے متعلق اس وقت جو کچھ کہا جا رہا ہے یہ وہی صدا ہے جس کی منادی تیس برس سے مسلمانوں میں پکاری جا رہی ہے افلاس سے بے پروائی و زکات عدیم سے ناآشنائی کا نتیجہ ہے جواب اگر مسلمانوں کی ایک یونیورسٹی ہوئی ہے جس کے بنیاد کا حرف سالم لغیب کو ہے۔

اس میں آزاد یونیورسٹی کی آواز بلند کرنا گاندھی نے اس وقت بلند کی ہے اس کا نصب العین نسب و شرف اور طعن البتہ ہے اس فتنہ انگیز اور دل آزار ہونے کا اگر ان کی تقریر و تحریر سے الگ کر دیا جائے تو یہ وہی دیرینہ سی سادہ تمنا ہے جو کہ اگر بہ نظر انصاف دیکھئے تو ہمارے قومی نصب العین میں سے بھی ایک قدم آگے بڑھایا ہے۔

ملک سے قومی فوج بھرتی کرنا یہ ہمارے ہاں کا اگر کبھی وقت آئے تو ہمارے ہاں کی تو ہمارے افسروں کی زبان میں بڑھا کر بات ہے کسی قوم کی سند

یہ بہت بڑی مصیبت ہے کہ علوم کو جدید زبان میں منتقل کرنے کی ذمہ داری
ذمہ نے حل کیا جس کے جو دو کرم کا شفیق و بہ پرور دہ تھا ہو نہ ہو ان کی
دنیکین کے لئے بڑھتا رہا ہے یعنی فرخ دکن نے شاہ دیوبند
قایم کیا علوم و فنون کے تراجم اردو زبان میں ہوئے اور ہو رہے ہیں ایک
یونیورسٹی کی بنیاد قایم کر دی گئی جو ابھی اپنے عہد رضاعت میں ہے لیکن یہی
سے اپنے شباب کا خوش آیند نظارہ پیش کر رہی ہے بیشک اگر ہندوستان کو آزادی
کی اجازت ہو گئی یا موقع مل گیا تو اس وقت یہی اردو یونیورسٹی آزاد تعلیم کی مرکزی
دوستو ناقص کو کامل بنانا کامل کو اکمل ترکی مشیت تک پہنچانا ترقی و کمال کی
ہے مولانا وحید مولانا سے اس کا کیا تعلق اس وقت گفتگو مسئلہ مولانا میں
اور اس کے دفاع کا مسئلہ درپیش نہیں نقص تعلیم ایک مسئلہ مسلمہ ہے اور دفاع کی تجاویز
بعض زیر عمل اور بعض زیر بحث۔

آپ نے یہ کہا کہ ترک مولانا اور نان کو آپریشن باہم موصوف ہیں مسئلہ کو فہمی
کے حدود جو کچھ متعین فرمائیں اور جس طرح اس میں توسیع کرتے جائیں وہ سب ترکی موالات
میں داخل ہوتے جائیں گے۔

اسی بنا پر سب سے پہلے آپ نے اسلامی تعلیم گاہوں کی طرف توجہ فرمائی مسلمانوں کی
مدد مالی ان دونوں کو آپ نے فریق مخالف سے امداد و استمداد قرار دیتے ہوئے ان پر
بعض موالات کا حکم صادر فرمایا ایسی درسگاہیں جو گورنمنٹ سے امداد لیتی ہیں
نظر پڑھانا یا کسی اور طریقہ میں اس کے ملازم رہنا آپ نے حرام اور کفر قرار دیا حالانکہ
بلیشیت ٹرسٹی آپ خود اس سے تعلق رکھتے تھے اور اس وقت تک بھی یہ تعلق آپ کا

باقی رہا یہ امر کہ آپ اس تعلق سے اصلاح چاہتے ہیں پس آپ کا یہ
نہ صرف جائز بلکہ ضروری ہے لیکن مسلمین کا مقصود افساد مسلمین و تائید عیسائیت کے سوا کچھ
نہ ہو تو نہیں سکتا اس لئے حرام و کفر جیسا کہ مبین ماضیہ میں دونوں کے آثار ندامت کا
تجربہ ہو چکا ہے۔

ہر حال اس بحث کو چھوڑیئے اس لئے کہ اس وقت دین مذہب ایمان اور اسلام
سے آپ کے اعمال و اقوال کا نام ہے نتیجہ نے اسلام و ایمان کی تعریف کچھ اور ہی
ہو گئی ہے۔

تعلیمی امداد کا مسئلہ | لیکن ادب سے یہ گزارش ہے کہ وہ اشخاص جو ابھی آپ کا وہ مرتبہ تسلیم نہیں
کرتے جو منصب کا آپ کو واجب بلکہ وہ اسی واحد قہار کے ماننے والے ہیں جو آپ کا
وجود عالم کا خالق و رب ہے اور اسی نبی کو پیغمبر یقین کرتے ہیں جسے حق سبحانہ نے خاتم النبیین
فرمایا ایسے اشخاص کے لئے بموجب آپ کا فرمان اس وقت تک لاسود ہو گا جب تک
آپ ان کے معبود احکم الحاکمین کا حکم یا ان کے پیغمبر صادق مصدوق کا ارشاد پیش نہ فرمائیں
لہذا نہایت عاجزانہ آپ حضرات گرامی قدر سے فقیر اس مسئلہ کو سمجھنا چاہتا ہے کہ
زروئے شریعت اسلام مالی امداد اور الحاق مدارس موالات کیوں کر ہے مالی معاونت
کی حقیقت یہ ہے کہ گورنمنٹ ہم سے تعلیمی ٹیکس وصول کرتی ہے اس کا تعلق ذمی رعایا کی کوئی
تعلق نہیں یہ تو وہ رقم ہے جسے جملہ رئیسان ہندوستانیوں سے وصول کیا جاتا ہے
ہندوستانی اپنے مسلمان ہوں اور ذمی سب کے سب روپے میں سے دو آنے تعلیمی
ٹیکس کے دیتے ہیں گورنمنٹ ہم سے لیتی ہے اور مدد کے نام سے ہمیں واپس دیتی ہے اس
لئے ہمیں اور آپ پر یہ امر شرعیت کی رو سے فرض ہے کہ معاونت اپنا لیا دیا ہوا

مال واپس کرنے کے لئے دیا گیا تھا جب اس کے واپس ہونے کی صورت پیدا ہو گئی
(یا کیا وہ فوت ہو گئیں جب انہیں مل جائے تو اس کی واپسی موروث
ہو جائے گی۔

(۱۰) کیا غیر مسلم رعایا جب کسی ناحق سے کچھ چھین لے پھر اسے واپس کر دے
اور واپس کرتے ہوئے اپنے احسان و امتنان کا اظہار کرے تو کیا وہ ضعیف ہونے
مال کی طرف منتقل ہو جائے گا یا اس کے لینے سے انکار کرنے کا حق مسلم
مال کی واپسی موالات ہے۔

(۱۱) خلافت کے متعلق سلطنت برطانیہ سے آج جو کچھ طلب کیا جا رہا ہے اگر برطانیہ
یہ کہکر واپس کرنا چاہے کہ یہ میرا احسان و کرم ہے جو فتح سکے بعد ملک کو واپس کیا
ہوں ساتھ ہی ایک معاہدہ جس میں آیندہ کے لئے اپنے ساتھ عمل معروف اور تصرف
سے مطالبہ ہو پیش کرے تو کیا مسلمان اپنے ملک کو واپس لینے سے اس بنا پر انکار
کر دیں گے کہ یہ موالات ہے برادکرم قرآن حدیث و فقہ سے کوئی ثبوت نہیں
اسے ثابت کیجئے کہ اپنے مال کی واپسی کا فریق مخالف سے مطالبہ ہے کفر بنے فرد کا
نفاق ہے۔

تنبیہ عالم کو دیکھتے ہوئے علماء کرام نے اپنے دل اور دماغ کو سیاست کی فکر
لیسا بنے نیاز کر لیا تھا کہ علامہ ابن عابدین کو اس مقدس گروہ کے حق میں یہ فیصلہ دینا
پڑا کہ الجہل الناس بہ السیاسۃ فصار اعلمہم اعلمہم (یعنی علم کو دماغ سیاست سے بچانے
بات ہی دور ہے یہ فیصلہ کیوں جاری کیا گیا وہ اس کے اسباب بھی کیا ہیں اس وقت
اس سے بحث نہیں کیجئے صرف اس قدر یاد رکھئے کہ آج یہ فیصلہ صادق آنے کے بعد

یک گہرا تاثر ہوتا ہے۔

ہندوستان میں ریذیڈنسی کا مقصد سوائے کاشانی خاندان کے رکن رکین کے زبان پر آنا کس کا نتیجہ ہے آیا وہ اس ہوبیہ کے عمل و ردعمل کا نتیجہ ہے یا تعلیم یافتگان ہوبیہ کے افکار و تاثیر و بعد و بعد کا ثمرہ ہے۔

علاوہ ہوبیہ کے جانے والے اس وقت جس حال میں تھے امور دنیاوی اور پولیٹکس حالیہ میں ان کے دماغ کی بلندی حوصلہ و ہمت کا علو قوت فکریہ کی صحت جس درجہ پر ہے وہ تصحیح بیان نہیں ہندوستان کے ہر باشندے کو اس دیسی گروہ سے روزانہ سابقہ رہتا ہے بیان کرنے کی۔

علاوہ ہوبیہ جو مقاصد تعلیم کو مدنظر رکھتے ہیں وجہ اکمال عاوی و محیط آج اس کے جاننے والوں کی یہ حالت کیوں ہے اس کی تحقیق و تنقیح چھوڑ کر حالات و واقعات ہند کو دیکھئے کہ کیوں کر ہوئے اور کس کے ہاتھوں سے ہوئے۔

علوم مغربیہ اور مسلمان انگریزی سلطنت جب اپنا تاج علوم مغربیہ ہندوستان میں لائی تو ہندوستانیوں نے ایسی کتاب بنا اور فنون کی زندگی بغیر علوم مغربی حاصل کئے ناممکن ہے تعلیم کا سلسلہ شروع ہوا اور ہندوؤں نے بڑھکر تعلیم انگریزی کا استقبال کیا خوش آمدید کا نعرہ بلند کیا جب اس قوم کے ایک خاص طبقہ میں یہ تعلیم پھیل گئی اور انگریزی کے واقف کار پیدا ہو گئے تو ان میں سے پیدا ہوا اور حکومت کے انداز فرمانروائی پر نکتہ چینی شروع کی اپنے حقوق کے سبب میں صدائے احتجاج بلند کی ہوم رول لیگ گورنمنٹ یا تحریک سے پہلے علوم مغربی سے آشنا دماغوں میں آیا حکومت خود مختاری کی صدا اٹھی بنا نہ ہست فانی اور ہندوستان کے رہنے والوں کو یہ سامعہ نہ تھا جس نے سنا یا وہ

[illegible] ہندوستانی تعلیم کا [illegible] جو سورج کا [illegible] ہے اس کی [illegible]
[illegible] عمارت کی تعمیر [illegible] جن [illegible] سے کی ہے وہ سب [illegible] زبان [illegible]
[illegible] ہیں۔

مسلمانوں میں جب [illegible] ہوا اور [illegible] میں بھی ایک [illegible]
[illegible] ہوگئی تو [illegible] بھی [illegible] ہونے لگے [illegible] فرمایا ع

ہوگا جو تیرے پنجے جھوٹ میں نوش کے آئے

یہ واقعہ ہے حقیقت آواس سے انکار کرنا [illegible] ہے کہ ہندوستانیوں کو حکومت کے سامنے اپنے مطالبات کو موثر پیرایہ میں پیش کرنے [illegible] قرارت اپنے حقوق کے [illegible] میں [illegible] ہونا اور [illegible] کامیابی کے لئے [illegible] قربانی سے دریغ نہ کرنا یہ سب تعلیم انگریزی کا [illegible] ہے۔

آئین سلطنت پر جنہوں نے [illegible] پہنچی کی ہے وہ انگریزی خواں ہیں حکومت [illegible] کا جنہوں نے نعرہ بلند کیا ہے وہ انگریزی خواں [illegible] ملکی کی زنجیروں کا جس سے [illegible] پیدا کیا ہے وہ انگریزی خواں [illegible] قید خانوں میں [illegible] پہنچا کر انگریزی خواں [illegible] [illegible] سے [illegible] گئے [illegible] انگریزی خواں [illegible] ایک گونہ [illegible] سے [illegible] انگریزی خواں [illegible]

خوبی یہ کہ [illegible] انگریزی خواں [illegible] تعلیم [illegible] [illegible] جن کا [illegible] [illegible] کی [illegible] سے [illegible] [illegible] [illegible] نے [illegible] [illegible] [illegible]

کہ سارے مذاہب عالم کو مادی اور روحانی اعتبار سے گورنمنٹ کی پروٹیکشن سے فائدہ پہنچا ہے
اور آج مسلمانوں کے پاس بھی گروہ عربی خواں میں ایسی ہی آئین سلطنت کے ماشیہ بردار
مشق و محبت انگریزی سرشار اور خدمت سلطنت کے لئے مستعد موجود ہوتے۔

اس وقت ہمارا یہ سعی میں جو کوشش و جوش ہے وہ بھی نتیجہ انہیں انگریزی خونوں کا
ہے۔ انہیں کے ہاتھوں نے خیمہ بنجوایا جب ان کی آنکھیں کھلیں انہیں کے ہاتھوں نے
سہارا دیا جب ان کے قدم اٹھے انہیں کی آوازوں نے ان کی زبانیں کھولیں جب یہ
ہوش سنبھالے رہا گروہ میں سے رہا نہیں کا وہ پتہ بھی عقاید و دیانت سے بے نیاز تھا اور آج
بھی متغنی ہے ؎

ملک کا جہاز اُن کے زیر قدم ہے
عزیزوں کا قدر سامنے اُن کے خم ہے

اس وقت بھی اگر انگریزی خواں جماعت ان تحریکات سے الگ ہو جائے تو سارے
جمعیت العلماء کے فضلاء یگانہ اپنی اپنی درسگاہوں میں ہوں گے یا مدرسہ دیوبند میں کسی
بتوخانہ یا مدرسہ یا مسجد یا انجمن اسلامیہ کا بورڈ لگا کر آفیس تحریک چندہ فرماتے ہونگے
اور سوائے انجمنان کے آپس کی تنقید اور سیاست ہند پر مباحثہ کسی کے وہم میں بھی نہ آئے گا
"نہ سے کوئی نہ تشفی تو حافظ مخدوش" فرماتے ہوئے سیاست کے سارے ابواب
فرو فرما دیں گے۔

اس حقیقت کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ فرمانے کی تکلیف انگریزی ہندوستانیوں کے
لئے تازیانہ عبرت کا واسطہ ہے یا فریق ثانی سے کہنے کا ہے اور نہ ہم اپنے کو
اس لائق سمجھتے ہیں کہ ہماری تحریر دیانتی کسی کے خیال سے گزرتے ہیں یا ہماری کسی

معاونت و امداد کے لئے تعلیم پاتے ہیں ۱۹۳۵ء میں مسلمانوں نے نیک نیتی گورنمنٹ میں بھیجی تھی جس پر آٹھ ہزار مسلمانوں کے دستخط تھے درخواست یہ تھی کہ انگریزی تعلیم پر کوئی رقم صرف نہ کی جائے اس رقم کو گورنمنٹ علوم مشرقیہ پر صرف کرے اگرچہ ہی سال راجہ رام موہن رائے کی بسر کردگی ہندوؤں کے طرف سے پیش ہوا تھا اس میں یہ استدعا تھی کہ گورنمنٹ بجائے علوم مشرقیہ کی رقم علوم مغربیہ پر صرف کرے۔

آج گورنمنٹ اس وقت کو اور مسلمانوں کی میموریل کو یاد کرتی ہوگی کہ کاش مسلمانوں کی درخواست قبول کر لی جاتی تو گورنمنٹ کے سامنے ایسے ہی تعلیم یافتہ ہوتے جیسے کہ درسگاہ مشرقی نے تیار کئے ہیں۔ تاہم ذاکی نہ ریں وغیرہ اگر موالات کے قسم میں اس سے داخل نہیں کہ اس سے مسلمانوں کا فائدہ ہے تو تعلیم انگریزی اور اسکول و کالج کا ادنیٰ و عالی ہندو بدرجۂ اولیٰ داخل موالات نہیں۔

مسئلہ موالات کے تحت میں یہ بحث اچھی طرح صاف و واضح کر دی گئی کہ کفر کی حمایت یا کفر کی طرف رجحان کا نام موالات ہے ہاں اعداء جب کہ بنے ہوں کہ واپسی کے تو اس میں کفر کی طرف یا کفار کی طرف رجحان کا کیا احتمال پھر جب رجحان ہو اور وہ بھی ہنگامہ سے عیاں ہو اس پر بھی اخلاق یا امداد عامہ کو موالات کہا جائے زیادہ تر مسئلہ کی بیان اور اظہار دین کی تبلیغ نہیں ہے ایسا تو کبھی ہو زور سرکش اور فتنہ گوئی کا ایک حیلہ پیدا کرنا ہے۔

تعلیمی تناسب کا اثر یہ مسئلہ بالکل بدیہی ہے کہ ملک موجودہ حالت پر رہے یہ غلط ہے جدید کوئی دوسرا پہلو اختیار کرے پیش ہے جب کبھی اور جہاں کہیں بھی ہوئی جماعت تعلیم یافتہ اس کی ہوگی جس گروہ میں تعلیم یافتہ زیادہ اسی گروہ کا حکومت میں حصہ اور اقتدار زیادہ عہد

موجود ہیں ہندو تعلیم میں بہت آگے ہیں اسی سبب سے حکومت میں ان کا حصہ بھی بہت ہی غالب ہے عام آدمی حکومت اگر اس وقت بھی ہندوؤں کی تعلیم کی جائے تو یہ حقیقت واضح ثابت ہوگی ہندوؤں نے جس قدر تعلیم حاصل کر لی ہے کہ اگر دس برس تک مکمل تعلیم دست کش ہو جائیں اور مسلمان اس اثنا میں بڑی سرگرمی سے تعلیم حاصل کریں جب بھی ہندو تعلیم یافتوں کا شمار مسلمانوں سے المضاعف ہوگا۔

ہندوستان میں جس قدر کالج یا اسکول سرکاری ہیں اگرچہ نام و تنخواہ دہندگان کے تعلق سرکار سے ہوتا ہے لیکن درحقیقت ان کا فیض ہندوؤں کے لئے مخصوص ہو گیا ہے تعلیمات دیگر وہیں بدرجہ اور کہیں بواسطہ چونکہ ہندوؤں ہی کے ہاتھ میں ہیں اس سے متعلقات بھی اسی قوم کے متعلق ہیں ہیں سارے ہندوستان میں مسلمانوں کے صرف تین کالج ہیں علی گڑھ، لاہور و پٹنہ۔

اس وقت ہندوستان میں مجموعی تعداد کالجوں کی ایک سو پچھتر ہے جن میں مسلمانوں کے ایک تہائی ہندوؤں کے ان میں سے اگر مشنری کالجوں کو جن کی تعداد گیارہ ہے نکال دیجئے جب بھی باقی کالج خاص ہندوؤں کے رہتے ہیں ان میں بھی کئی کالج ایسے ہیں جن میں گورنمنٹ کی امداد قطعاً شامل نہیں اور جو بالکل خانگی کالج ہیں ان کا گورنمنٹ کی امداد جاری ہے تین اور اس کی نسبت ان خانگی کالجوں سے جن میں تعلیم کے لئے فیس لی جاتی ہے کوئی نسبت نہیں ہے ہندوستانی طلباء کی مجموعی تعداد جو سوا لاکھ ہے ان میں سے ۱۰۰۰۰ طلباء ہیں جو پچھتر ہزار ہندو طلبہ کی تعداد کا تقریباً پانچواں حصہ ہے۔

یہ بات ذکر کہ ہندو چھ کروڑ اور مسلمان سات کروڑ ہیں ان تناسب سے جب

مسلمانوں کے تین کالج تھے ہندوؤں کے بارہ ہوتے۔

مسلمان طلبہ کی تعداد کالجوں میں چار ہزار تھی تو ہندو بارہ ہوتے لیکن جب واقعہ مذکورہ عبرت پیش کرتا ہو تو سعدی تعلیم کرتا ہو وہ ایسے میں کس کو مخاطب ہو۔

جس قوم کی تعلیمی حالت یہ ہو کہ سات کروڑ میں سے صرف چار ہزار نوجوان تعلیم ہوں اس قوم کا یہ ادعا ہو بجا ہے کہ اب ہمیں تعلیم کی حاجت نہیں کہنا چاہیے تو اور کیا جب سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں "دانست بے طاقت کہ فنون ست وطاقت بے رائے جہل و جنون"۔

مشرقی تعلیم کی کمی پرسی | انگریزی تعلیم جس سے معاش وابستہ تھی اس کا جب یہ حال ہو تو مشرقی تعلیم کا کیا حال ہوا ہوگا محمد رحمۃ مشرقیہ سے پوچھیے عوام کی نسبت کیا عرض ہو گی میں مدارس دینیہ کو ٹوٹے پھوٹے نہ پڑھنے والے مقابلہ نہ پڑھانے والے۔

مدارس اسلامیہ کی تعداد میں ہر سال کمی ہوتی جاتی ہے جو مدرسے ہیں وہ بھی قریب تنزل ہیں دیتے ہیں یا ان مدارس کو کہ نہیں فقط سارے ہندوستان میں بجز تین چار کالجوں کے سب کی یہی حالت ہے آخر ان مدارس کے بقیت سلف کے آثار باقی ہیں ان میں سے ہر ایک مدرسہ میں پانچ چھ مدرس ہوتے ہیں جو کہ فتوی مرتب کرتے ہیں لیکن فتوت کہ وہ علم نفس میں سے نہیں ہوتے جو ان کا فیض ہو نہ کہیں تک متعدی ہوتا۔

جو مدرسہ بیرونی سے امانوں کی پرورش ہوتی ہے بھلا اس سے نہ زیادہ کیا توقع ہو اس وقت کیا حالت ہے۔

خدا تعالیٰ کی بنی ہوئی اصول پر کل کی تمام سے مقابلہ تعلیم ہوتی ہے کہ اس کے ساتھ ہی وہ کل بھی خراب ہوتے ہے تعلیم اہل صنعت کا فقدان نظر تعلیم سے نقطہ

پر سہ وقتی لیہ تھا۔

ندوہ نے مخلد علوم عربیہ و دینیہ کے ساتھ تعلیم انگریزی بھی داخل نصاب کی تاکہ اس مدرسہ کا فارغ التحصیل طالب العلم اگر انگریزی تعلیم حاصل کیا چاہے تو پانچ برس میں گریجویٹ ہو جائے اور اگر علوم دینیہ سے کام لے تو اس قدر استعداد اس میں موجود ہو کہ بغیر دقت کے فارغ وقت مطالعہ سے مرتع کا فائدہ کتب انگریزی سے حاصل کر سکے۔

ندوۃ العلماء کے سند یافتہ اس وقت ملک میں موجود ہیں ان کی لیاقت و فضل کا ثبوت ان کی مصنفہ کتابوں سے مقابلہ قوم میں اگر علم کی تشنگی ہوتی تو اس وقت ندوۃ العلماء میں کم از کم دو ہزار طلبہ مشغول درس و تدریس ہوتے والی حالت اس کی ایسی ہوتی کہ دربار کا سائل گدائی سے گریز پا نہ پڑتا لیکن اس وقت جو خستہ و شکستہ حالت اس کی ہو رہی ہے وہ اہل بصیرت سے مخفی نہیں۔ سنئے وہ اس اہل سنت ان سے پیشرفتی کا یہ حال ہے کہ آج اس کی بی خبر و تیز نہیں کہ اہل سنت کیا معنی میں اور اس کی صحیح تعلیم کہاں مل سکتی ہے دارالعلوم جامعہ فیض عام کانپور اور مکاتب قائم کرنے سے تو یہ کہیں بہتر ہوتا کہ اول اپنی تمام تر قوت سے ندوۃ العلماء کی تائید و تقویت کرتے جو باکمال ہستیاں کہ اس وقت ندوۃ العلماء میں دفن ہیں نہیں ندوۃ العلماء میں جمع کرتے اور اس اجتماع سے بہترین نمونہ ایک کالج تعلیم دین ملک و قوم کے لئے تیار کر لیتے۔

حق کا سوال تو ندوہ میں تھا ہی نہیں اور دیتا تھا تو اس نے بند کر دی انگریزی تعلیم پہلے سے موجود ہے عربی و دینی علوم تو اس کا جزو اعظم ہے اس سے بہتر مدرسہ فیض عام کانپور سے ذہن میں ہے کہ وہاں پر خدا چند مسلمانوں کو کالج بھیجنا دینی کالج سے بھیجنا ہے اور ساتھ ہی شریک ہونا بیشک وہاں کے نصاب سے خارج ہے۔

عزیزانِ وطن ایسے وقت میں جب کہ اسلام اپنے متبعین کو آزمائش پر پرکھ رہا ہے کیا یہ اسی کا موقع تھا کہ مسلمانوں کی جماعت اس کسوٹی پر کسی جائے ان میں ایسا افتراق ڈالا جائے کہ کلمہ گو نزاع کا طعمہ ہو جائے۔

کیا یہ اسی کا وقت تھا کہ مسلمانوں کے ہوشمند اخلاق بھی تباہ و برباد کر لیے جائیں کیا یہ اسی کا وقت تھا کہ ان کی بچی بچائی ہستی یوں کھنڈر میں مغفور کر دی جائے۔

اسلامی تاریخ کا یہ مشہور واقعہ ہے کہ بعد شہادت شہزادۂ کونین حضرت سیدنا حسین رضی اللہ عنہ مختار بن ابی عبید ثقفی نے دعویٰ تو یہ بلند کیا کہ مظالم اہل بیت کا عوض لینا چاہتا ہوں لیکن جو خیال کہ اس کے دل میں مکنون تھا بعد کامیابی اس کا ظہور ہوا پھر جو نتیجہ مختار کا ہوا صفحات تاریخ میں وہ عبرت و بصیرت کا سبق آج بھی موجود ہے۔

نوحہ خوانانِ خلافت اسلامیہ کی سوگواری مختار ثقفی کی خونخواری اور زنانہ جلوہ آرائی کی ہو بہو تصویر ہے ان کی جبروتی، خود نمائی ان کے مضمرات کا پردہ فاش کر رہی ہے لیکن اس وقت ان کے شرکِ تقویٰ نام کو تو ہوا نہ لگنے پائی ہے مکروا ومکر اللہ واللہ خیر الماکرین ۵

لیکن مسئلہ تعلیم جس پر ساری قومی ترقیوں کی بنیاد ہے اس کے متعلق ان بلند بانگ حضرات کے تباہ کن فرمانوں کی حقیقت کا اظہار ضرور ہے۔

عزیزانِ وطن گران حضرات کو خلافت کی ہمدردی ہوتی اور دل میں اسلام کا درد ہوتا تو خدمتگزاری دین کی وہ روش اختیار کرتے جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اُمت کی خدمت سے بے اقوام و امم کی تاریخ موجود ہے اُسے دیکھو۔

مصلحین اُمت نے اپنی قومی و آبستگی کو کبھی ہاتھ سے جانے نہیں دیا مصلح کی

تحریر شفقت و ہمدردی سے سرشار ہوتی ہے وہ قوم کے ہاتھوں سے جفائیں اُٹھاتا ہے مصیبتیں جھیلتا ہے لیکن بلند ہمتی و راست کی روش سے متجاوز نہیں ہوتا اُس کے جلال میں ایک شان جمال ہوتی ہے وہ اُس کے قہر میں رحمت کا جاں نواز پیام ہوتا ہے۔

اس کی زندگی میں مظلومیت کے واقعات بکثرت ملتے ہیں لیکن ظالمانہ حرکات کا اُن کے اعمال میں نام و نشان بھی نہیں ہوتا قوم سے وہ فحش و ناخوش الفاظ سنتا ہے لیکن جواب میں قول سدید اُس کی زبان پر ہوتا ہے وہ اپنی ہستی مٹاتا ہے اور قوم کی اخلاقی و مذہبی ہستی قائم کرتا ہے اُس کی پاک و بے ریا زندگی منکرین و معاندین کے مُردہ کو بھی آخر کار زندگی کا گرویدہ اور حق کا جویندہ بنا دیتی ہے ؎

سوختم خود را و طرز سوختن
شمع را پروانہ را آموختم

لیڈران قوم کی عجیب غریب تحریکات پر نظر ڈالئے اُن کے تشکلات کی بوقلمونی دیکھئے پھر باوجود اس کو رانہ لیڈری کے اُن کی اُس شدت و سختی کا لحاظ فرمائیے جسے مسلسل برس دو برس کے ساتھ عمل میں لایا جا رہا ہے اُس کے بعد یہ فیصلہ سہولت کیجئے کہ یہ مصلح ہیں یا مفسد و بیشہ ور۔

قومی قوت کا کمان قومی حیات کا انحصار تین چیزوں میں ہے روحانی اخلاقی اور روحانی اس وقت نصف مسلمانان ہند بلکہ مسلمانان عالم بہ طرح کی طاقت اپنے ہاتھوں سے کھو چکے ہیں روحانی قوت کا فقدان تو روز روشن سے بھی زیادہ واضح ہے رہی قوت اخلاقی و روحانی اُس کے متعلق شاید بعضوں کو یہ دھوکا ہو کہ مسلمانوں کے پاس ابھی یہ سرمایہ باقی ہے لیکن اگر آپ پچیس صفحات ملاحظہ فرمائیں گے تو خود معلوم ہو جائیگا کہ مسلمانوں کی

یہ متاع بے بہا بہت پہلے لوٹی جا چکی ہے اور اس کچھ دہندوں میں نشانی، مومن تھی اس دنیا میں مسلمانوں نے اُسے بھی پہلے ہی ہاتھوں مٹا دیا۔

میں اس کی تفصیل و تشریح کرنا نہیں چاہتا کہ مسلمانوں کے اخلاق میں اس وقت تنزل آگیا ہے کہ نہ صرف یہ کہ معیار اسلامی پر ان کے اخلاق گویا ثابت نہیں ہوتے بلکہ دیگر غیر مسلم اقوام کے اخلاق سے بھی ان کا اخلاق کہیں فروتر ہو گیا ہے۔ یہی زوال و انحطاط کا دوسرا نام ہے۔

اگر کوئی مسلمانوں کی اخلاقی و روحانی گراوٹ پر ان سے مخاطب ہو کر نہیں کہتا تو مجھے اس کا عتاب بھی نہیں ہے لیکن حقیقت ہے حضرات سے گزارش ہے کہ جس قوم کے پاس نہ دولت ہو نہ اخلاق نہ علم ہو نہ تدبر ایسی گری ہوئی مُردہ قوم کے سامنے وہ پیش کرنا جو کسی زندہ قوم کے لئے سزاوار تھا خیر خود ہی نہیں بلکہ بدخواہی ہے۔

کون نہیں جانتا کہ ایک طفل نوزائیدہ کو ایک وقت میں دودھ چوسنے کا اور غلہ کھانا ہوگا لیکن اگر کوئی بے وقوف آج ہی اُسے روٹی کھانی شروع کر دے اور دودھ چھڑا دے پھر دیکھ لے کہ جو غذا دو برس بعد اس کی ہوگی اُسے آج ہی اختیار کیا جائے۔

اور جو چیز دو برس بعد غذا و اچھوڑنی ہوگی اُسے آج ہی ترک کیا جائے تو نتیجہ ایسا عمل کرنے والا اس طفل نوزائیدہ کا خیر خواہ نہیں بلکہ قاتل ہے۔ ہی وہ حکمت کی موعظمائیت سے مخفی رکھنا یہ ہتا ہے۔

اس نقطۂ نظر سے کام لیجئے تو نیلدان مومن کی تحریک کی سزا سر موعظمائیت معلوم ہو جائیگی وہ باتیں جو بہ قوت وطاقت کے کہ جانے اور کے جانے کے قابل تھیں

خدمت اپنی سعادت جانتا ہو ایسے نیک

ع

ہے یہ بھی بائیکاٹ ہی کی ایک

یا سیاسی ملکی ہے!

یہ کہ جس خدمت کا بوجھ اپنے ذمہ لیا جائے اُسے خدمت سمجھکر صحیح اور سچی محویت سے
انجام دینا نہایت ہی اہم و متحرکہ آرا رائے۔
مسلمانانِ ہند کو یہ موقع ضائع نہ کرنا چاہیئے اگر اس وقت بھی انھوں نے اپنی
تیرہ بختیوں کا صحیح نصب العین قرار نہ دیا تو پھر آیندہ کے لئے ذلت و خواری سے
رستگاری کی کوئی سبیل نہیں بہت سی لایعنی و فضول باتیں بہ تقلید یورپ مدارس
میں اس وقت داخل ہو گئی ہیں جو خصوصیت کے ساتھ مسلمانوں کے حق میں تباہ کن
ہیں اس وقت ہمت دردمندی اور اخلاص کی سخت ضرورت ہے قدیم طرز کی گرویدگی
و یورپ کے بہ دا پیشینگی سے اب کچھ حاصل نہیں۔
قطع نظر اس تنبیہ و اعلام کے جو یورپ کے میدان جنگ سے ہولناک باز پرس
کی اغلاط مسلمانوں کو دے چکے خود لیڈران موسمی نے علما رسیاسی سے مل کر
مسلمانان ہند کو ایسے کفر و شرک کے بھنور میں پھنسا رکھا ہے کہ وہی تین برس بعد
ہندوؤں کی سی متعصب نہ حکومت ان پر شروع ہو جائے گی کہ فرار کی راہ بھی نہ مل سکے گی
اس لئے آخر میں پھر نہایت نیازمندانہ التماس ہے کہ تعلیم گاہوں کی طرف سے
غفلت نہ کیجئے۔ اخلاق و امداد باہمی نے نہ مسلمانوں کو تباہ کیا ہے نہ آیندہ کی تباہی کا
ان سے خطرہ ہے بلکہ مقصد تعلیم و تعلم سے بے پروائی کا یہ نتیجہ ہے جو پیش نظر ہے۔
لیڈران موسمی جو ترک اخلاق و امداد باہمی پر اپنا زور صرف کر رہے ہیں اس
پر غلط نہیں کہ ان دونوں امور کو وہ ننگ و ہتک سمجھتے ہیں بلکہ انھیں
قومی نوں کا گلہ تباہ کرنے ہندوؤں سے خلعت تشریف پانا ہے۔
ان کی جاہ طلب نگاہوں نے جب یہ دیکھ لیا کہ سلطنت برطانیہ کی روز افزاں

چشم عنایت نے ہندوؤں کو اس قابل بنا دیا کہ اب ہزار سال اور [illegible] کا حق ہے
زبان سے ایک صحیح اور سچی تمنا کا اظہار ہے تو وہ خاص طور پر حکومت کی
غائیہ برداری تھی۔ انھوں نے یہ فیصلہ کر لیا کہ وہ سامت ذار نہیں ہیں۔ [illegible]
ہندوؤں کو اُن کا منہ مانگا سوراج دے کر خود اپنے ملک روحی کو چلے جائیں۔ [illegible]
ہندوؤں کی اطاعت و فرماں برداری، انتظاری و بے تابی [illegible]
سوراج پر نہ کوئی قیمت ہوگی نہ کسی طرح کی قدر دانی۔

لہٰذا یہی مناسب ہے کہ قبل اس کے کہ ہندوؤں کو حکومت مل جائے اور انگریز
حکومت ہند سے رخصت کیش ہوں نئی ہونے والی حکومت کے ساتھ بھی سے رخصت
مندی و عقیدت کیشی کی سلسلہ جنبانی اُمید افزا ہے اسی ضمن میں انگریزوں کی [illegible]
بھی اگر اظہار کر دیا جائے تو کچھ غیر مناسب نہ ہوگا۔

اسی نقطۂ خیال نے پرستاران حکومت کو خارجی سنوز پر مجبور کیا یہ خیال جس جرأت
و جرأت کی تصویر پیش کر رہا ہے اور قوت یہ ان کی جیسی قلعی کھل رہا ہے اسے مجھ
صرف ازروئے دیانت و انصاف یہ فیصلہ کیے کہ [illegible] کی [illegible]
وہ ہندو [illegible] انگریزوں کی حکومت ہے کل ہندوؤں کی ہوگی تبدیل حکومت [illegible]
ملت میں کیا فرق ہے اسے صفحات [illegible]

ہاں یہ کہا جاتا ہے کہ ہندوؤں کا سب سے بڑا دشمن اس وقت انگریز ہے اور انگریز
کی قوت ہندوستانی کی بدولت ہے جب انگریزوں کی حکومت ہندوستان میں نہ ہوگی تو
اُس وقت ہندوؤں کا مخالفت کا سب سے بڑا دشمن کمزور ہو جائے گا یہ بات
کے قابل نہ رہے گا اس عجیب نکتہ آفریں منطق کو جواب کیا دیا جائے۔

اس موقع پر ایک نقشہ پیش کرتا ہوں جو عالی جناب پروفیسر قاضی جلال الدین صاحب مراد آبادی کے قلم کا فیوض ہے اسے ملاحظہ فرمایئے نقشہ کا نقشہ سامنے آجائے گا۔ اسی کے مقابل ۱۹۱۴ء کا نقشہ بھی اسے دیکھئے جنگ طرابلس کا آغاز ۱۹۱۱ء میں ہوا تھا اور ۱۹۱۳ء میں جنگ یورپ کا خاتمہ ہے اسی آٹھ برس کی مدت میں ترکی سلطنت کیا سے کیا ہو گئی یورپین طاقتوں نے کس طرح اپنے حصے بخرے کر لئے اسے نقشہ میں پھر ملاحظہ کیجئے کروڑہا ارمنی کے دو مقدس حصص جن پر صدیوں تک احمد قدوس کا نام لیا گیا تھا جہاں سے تکبیر و تہلیل کی صدا بلند ہو کر کفار کے دل کپکپا دیا کرتی تھی آج وہاں خلیفت کا علم بلند اور کلمہ کا نام لیوا ہے اس خاکدان عالم میں احلام کو سلطنت کرتے ہوئے چودہ صدیاں گزر گئیں ان اثنا میں متعدد خاندان اسلامی کے ہاتھوں میں شمشیر اسلامی کا قبضہ رہا ہے ایک فتح ہوئے بہت سی قومیں اسلام کی اطاعت میں آئیں لیکن قلب یورپ کو جس کی بیخ کنی شمشیر نے صلیب پرستوں سے قطع کر کے خدا پرستوں کے مقبوضات سے واصل کر دیا وہ ترک ہیں۔

یہی وجہ ہے جو یورپ کا ہر عیسائی ترکوں کو دیکھ کر اپنی انسانیت اپنی مدنیت اپنی شائستگی اور اپنی تہذیب بھول جاتا ہے ترکوں کی تاریخ جنہوں نے مطالعہ کی ہے ان کے لئے یہ کوئی راز نہیں کہ یورپ میں جس سلطنت نے طاقت و قوت حاصل کی وہی سلطنت ترکوں کی سب سے بڑی دشمن بنی ہے ایک زمانہ وہ اس کی عداوت و عصبیت کا تھا اب انگریزوں کا وقت آیا ہے ہر ایک ترک کا خون ہر ایک ترک کا مال ہر ایک ترک کی جائداد ان کے لئے مباح ہے۔ [illegible] کہ ترکوں نے کیوں [illegible] قوت حاصل کی [illegible] کے [illegible] کیوں [illegible] کے [illegible] کیوں [illegible] کے [illegible] کیوں

(نقشہ ہذا ۳۲ × ۳۲ سنہ ۱۹۱۲ء عہد سلطان محمد خامس کا ہے جو ۱۹۱۸ء تک سریر آرائے سلطنت رہا)

(سلائڈ کا بلوک ڈیپو سے بقیمت ۱ نیز یہ عہد حاصل ہو سکتا ہے)

نقشہ سلطنت عثمانیہ نمبر ۲
۱۔ جسقدر حصہ سرکار کے قبضہ میں فی الحال باقی رہ گیا ہے وہ پُر رنگ ہے۔
۲۔ نکلے ہوئے ممالک کی صرف حدود لگی ہیں
(مارچ ۱۹۲۱ء)
بحر اسود
بحر احمر
بحر الروم
ایران
مصر
قاہرہ
طرابلس
فزان
بلاد العرب
حضرموت
یمن
عسیر
حجاز
علاقہ ادریسیہ

دوستو انصاف شرط ہے اس وقت زبردس کا فرد انشان بھی باقی نہ رہے روس سلطنت
ایک عجیب اُمید و بیم کے عالم میں ہے لیکن روس کی تباہی سے تیرک کس سلطنت کے
برکات پہنچے اسی طرح اگر انگریز تباہ ہو گئے تو اس سے یہ کہاں لازم آتا ہے کہ ترکی اقتدار
قایم ہو جائے گا روسیوں کے بعد انگریز نمودار ہوئے تو ان کے بعد کوئی اور دشمن
حریف پیدا ہو جائے گا۔

اس حقیقت سے انکار کی تجھیں کیوں کر جرأت ہوتی ہے کہ قوم وہی شخص اپنی تباہی
توانائی سے قایم و باقی رہ سکتا ہے نہ کہ دشمن کے ضعف و ہلاکت سے کیا ایک دشمن ضعیف
اُس وقت تندرست و قوی ہو جائے گا جب کہ اُسکے دشمنوں میں سے ایک قوی دشمن
ہلاک ہو جائے اور اپنی نیابت اُس کے دوسرے دشمن کے سپرد کر جائے۔

عزیزان وطن پاک مذہب اسلام جس کی ساری تعلیمات کا جوہر توحید خالص پرستی ہے
اُس کا دشمن تم صرف انگریزوں کو کیوں قرار دیتے ہو ہر وہ مذہب باطل جو دنیا میں موجود
ہے یا جس وقت اختراع کیا جا سکتا ہے وہ دین قویم اور صراط مستقیم کا دشمن جانی ہے
کفر و اسلام میں جب کہ تضاد ذاتی ہے پس یہ محال عقلی ہے کہ کوئی مذہب کفر خشنودی
آنکھوں سے اسلام کو دیکھنا گوارا کرے ہاں مجبوری معذوری کی اور بات ہے قرآن کریم نے
کئی جگہ اسی کی خبر دی ہے پس مسلمانوں کو خود اپنے آپ میں قوت پیدا کرنے کی
ضرورت ہے نہ کہ غیر قوم میں مذہب دے غور ہونا ہی فطرت کا تقاضا ہے اور یہی عقل سلیم کا حکم
ایک دشمن سے نجات پانے کی تدبیر میں کامیابی سے قبل دوسرے دشمن کے ہاتھوں
میں آلۂ کار بن جانا نہ عقل کا تقاضا ہے نہ تعلیم کتاب شریعت کی ہے۔

دوستو! ہماری قدیم خصومت شر و خونخوار و جنگ و جدال کا دور قرنہائے انصاف کے ساتھ

[illegible]

کہ ہماری دنیا کی گرہان فروشی پہل ہو سکے تو وہ صورت ہے دین کی شوکت دنیا
کے لئے اگر دنیا شرعی طور پر حاصل کی جائے تو وہ دنیا نہیں بلکہ وہ افلاس دین ہے
ہیں جس روح جب تک کہ جسم میں باقی ہے تو اس کے لئے کامل و مناسب سامان
مہیا کرنا ضروریات زندگی کا سامان درکار ہوتا ہے لیکن ایک غالب جیسا جان جس
روح نے مفارقت کر لی ہو تو اس کے لئے صرف لحد کا گوشہ کافی ہے پس اگر مسلمانوں
نے اپنی قومی روح دین مذہب ہی کھو دیا تو پھر اس سرزمین کے لئے پیوند خاک ہی
ہونے کا فتویٰ ہے یہ تمام کفر و حرام کس دلیل شرعی کی بنا پر ہے۔

جن [illegible] خیر میں تمام شدت و استبداد کا یہ عذر فرض کر لیا جاتا کہ اس وقت اقتدار
ہندوؤں نے نگرانی قدیم ہندوؤں کو ایسا مضطرب کر دیا ہے کہ آنکھوں سے نیک و بد کی
تمیز اٹھ گئی اور مضطرب قرار پا لوم کیا لیکن جب اس حقیقت پر نظر پڑتی ہے کہ یہ
سارا جوش و خروش صرف اس لئے ہے کہ انگریز کی گرم بازاری اور گفتار کی تیز دستی ہو
تو پھر اس عذر کی بنا تو درکنار آپ کے خود ساختہ مذہب کی حقیقت بھی اس سے کتاب ہو جاتی ہے

اس حیرت و اضطراب نے یہ بھی نہیں کہ ہندو کے قلوب
کی ہی زیب و فریبیت کے نسبت سے بہتر ہو سکتا ہے لیکن باوجود اس کے انگریز ہی
کی پابندی و اتباع سے ہر دن بڑھتا ہے کہ تمام زمین و آسمان اور قضا و قدر
ہندو نیست تھیں سعادت اندوزیوں یا اپنے نصیب و بخت اور تقدیر و قضا کو
پاسے جس کی قلت نہ تو انگریزوں سے بیزاری نہ نفرت ہے نہ اسلام کی دوستی
نہ خیر خواہی بلکہ یہ بھی تقلید اہل ہنود و کفار میں داخل کی جا رہی ہے۔

ہندوؤں کو انگریزوں سے نفرت ہے ہندو بانگ دہل بھی نفرت کا اظہار کرتے ہیں

کرتے ہیں ہندوؤں کو سوراج چاہیئے ہندو بانگ حضرات بھی [illegible] کے لئے [illegible] احتجاج بلند کرتے ہیں ہندوؤں کو گائیوں سے محبت ہے ہندو بانگ بھی اس کے لئے اپنے احتجاج میں بلند بانگ لیڈر بھی اس کی نقل اتارتے ہیں خلاصہ یہ کہ غیر ملکی حکمرانوں کی رضا و خوشنودی مطلوب ہو تو جو وہ کہیں گے یا کریں گے ہندو بانگ لیڈر بھی اس کی تائید کر دیں گے۔

صلح نامہ ترکی میں اگر تبدیلی نہ ہوئی تو ایشیا میں برٹش گورنمنٹ کا قلع قمع نہیں سوراج کو باطل کر دے گا اس لئے ہندو بیتاب ہیں ہندو بانگ لیڈر بھی بیتاب ہیں ہندو معروف مرثیہ خوانی ہیں۔

ہاں ایک پہلو یہ بھی ہے کہ محبوب کا ذکر بیجا و ملتا ہر موقع لذت بخش ہوتا ہے خاص کر شاعرانہ تخیل معشوق کو قاتل ظالم سفاک بیوفا اور بے مہر کہے بغیر حق عاشقی سے سبکدوش ہی نہیں ہوتا اسی مناسبت سے اب تک انگریزوں کے مناقب و صفات زبان لطف بیتی رہی اب ان کی ہجو و مذمت کی بوچھاڑ ہو رہی ہے شاعرانہ مذاق پر غیر کی ہجو بھی ہجو ہی ہے خواہ کسی کے نام کا ورد ہو۔

لیڈر کے لئے اس وقت صلح لیڈری پن کا وجود سب سے زیادہ ضروری ہے وہ دو قسم کے اشخاص ہیں ایک تو وہ ہیں جن کی بنی اور روٹی کا سہارا لیڈری پر ہے جو مسلمانوں سے سامنے شغال گیدڑ ثابت ہوئے بعد دیگرے بیٹھ کر رہے ہیں ان کی لیڈری کی جان ہے ایک وقت وہ تھا کہ ان کا سکہ ہندو مسلمان دونوں پر چلتا تھا اب ہندو ان کی تہ ہی سے واقف ہو چکے دوسری قسم ان کے ہے جو ہندو ہیں ان کی لیڈری کا جوہر ہے کسی کے ساتھ جب تک ان کا تعلق کسی حال میں نہ ہو ان کا لیڈری کی دکان روا نہیں ہو

دوسری قسم کے وہ اشخاص ہیں جن کی گورنمنٹ میں جب زیادہ قدردانی نہ ہوسکی دربار دہلی کے موقع پر معمولی اشخاص کے ذیل میں ڈال دیئے گئے تو پھر مجبوراً ع

دیکھی کہ وہ ملتا ہی نہیں کعبہ کو ہو آئے

ان میں ایک ہر یہ بھی تھا کہ شاید حکومت پر ایسی دھمکی پڑجائے کہ جس سے خائف ہوکر تمامی مفادات کرنسی کے ساتھ گورنمنٹ پر بھی مفت کرم و دہشتن کی رہم ادا ہوجائے ورنہ مصالحہ فرض نمایاں لیڈر کی حقیقت ان دو صورتوں سے خالی نہیں رہتی ان حضرات کے اور ان کے حسب حال غالب کا یہ مصرعہ موزوں ع

مجھے تو خوب ہے کہ جو کچھ کہو بجا کہیے

حضرات لیڈر! انصاف شرط ہے موقع جنگ بلقان پر وفد طبیہ جانے کی تجویز ہوئی باوجود مسلمان ہند نے اس تحریک پر لبیک کہا دل کھول کر چندہ دیا وفد کی نسبت کی آپ نے کامیاب نہ لیکن اس قدر بتائیں کہ وفد طبیہ کے مصارف کا آپ نے اس وفد پیل سے جو بھی فائدہ حجاج کی خدمت میں پیش ہوا تھا کیا مقابلہ ہے جب کہ مسلمان ایک موقع پر قومی خدمت خلافت کے لئے پیش کرچکے تھے جب کہ مسلمانوں کے روپے سے بسکٹ کا پورے متعلق آپ کو زیارت عروس البلاد لندن کا شرف مل چکا تھا تو پھر اس موقع پر بھی آپ کی خدمت دینی کی سعادت صرف مسلمانوں کے حصہ میں مخصوص کی جاتی تو کیا کذب و جزاف ہوتا اگر مسلمان کا فی سرمایہ آپ کی حشرت پرستی کے لئے جمع کرتے تو آپ اپنے بعض لذتوں کو قربان کردیتے اور تکلیف نورانی شرعیہ اور مذہب بیچ سے محفوظ بھی رہتے اور ہندوؤں کی مسلمانت بھی نہ ہوتی جو حوالات حقیقی ہے۔

حضرت ہندو بل ٹی آپ نے اختلاف کی اصلی وجہ یہ بتائی ہے کہ آپ اہل ہندو سے

دوسرے تعلقات پیدا کر رہے ہیں جنہیں حق سبحانہ نے حرام فرمایا ہے موالات اور
اور کون سے تین ایسے امور ہیں جنہیں ایک مومن کی جان میں کسی کافر کے ساتھ
اور پیدا کرنے کا جواز نہیں بتایا گیا آپ حضرات نہیں بھی صرف امور کو نہ صرف جائز
واجب و فرض قرار دے رہے ہیں۔ کفر اور اہل کفر سے کفر کی اور
مسلمانوں کے حقوق مذہبی کا تحفظ کر رہے ہیں اگر یہ نہ ہو تو آپ سے کچھ بھی نہ ہو سکے۔

آپ جائز تعلقات کو انگریزوں سے موالات کہتے تھے ضعف کو قوت سمجھتے تھے
غفلت کو تیاری جانتے تھے اہل حق آپ کے ان خیالات کو جوش ظفر پر محمول کرتے
پھر آپ سے مخلصانہ عرض کرتے کہ جائز امور کو موالات کہنا شارع علیہ السلام اور شریعت پر
الزام ہے۔ لفظ موالات کا استعمال نہ کیجئے ضعف کو قوت سمجھنے میں مسلمانوں کی تباہی ہے
غفلت کو تیاری کہنا دشمن کے ہاتھوں میں گرفتار ہونا ہے امید تھی کہ آپ کی قدر
حضرات بھی سمجھ جاتے اور باہمی مفاہمہ و تبادلہ خیال سے اصلاح پذیر کی کوئی صورت
پیدا ہو جاتی۔

لیکن ستم تو یہ ہے کہ آپ تحریر ہی کو اپنا امام بناتے ہیں اور مسلمانوں کو اس کی
اقتدا پر مجبور کرتے ہیں آپ کفر کی حمایت کرتے ہیں اور مسلمانوں پر اعانت کفر کے لئے
زور ڈالتے ہیں زبردستی کرتے ہیں اہل حق قرآن کریم کا فتویٰ سناتے ہیں آیۃ کریمہ
کی تلاوت کیجئے۔

لا یتخذ المؤمنون الکافرین اولیاء من دون المؤمنین ۔ مسلمانوں کو نہیں چاہئے کہ وہ مومنین کے سوا
کافروں کو اپنا دوست یا مددگار بنائیں۔

موالات کی تفسیر گزر چکی ہندوؤں کے کافر ہونے آپ کو بھی نظر نہیں پھر نہ معلوم یہ کہ

آپ اپنے دینی مورچوں اُن سے مدد لے رہے ہیں بلکہ خود اُن کے دین کی آپ مدد کر رہے ہیں یہ معاملات نہیں تو کیا ہے۔

ہندو گائے کی قربانی اُٹھانا چاہتے تھے حضرات لیڈر نے اس غلو کے ساتھ ہندوؤں کی تائید میں اپنی آواز بلند کی کہ حدیث شریف میں تحریف تک کر گزرے علماء یہی نے بھی اس تحریف سے چشم پوشی کی اور یہی فتویٰ دیا کہ مسلمان بکرے یا مینڈھی کی قربانی کریں گائے کی قربانی سے باز آئیں۔

رامائن کی پوجا میں مسلمان شریک ہوئے کالکا پرساد جیسے مسلمانوں نے پڑھائیں رام لچھمن کو تلک مسلمانوں نے لگایا ہنومان اور پریاگ کو مقدس عہد مسلمانوں نے کہا یہ مذہب ہنود کی معاونت نہیں تو کیا ہے۔ عجب یہ کہ جس نے ان اعمال خبیثہ سے منع کیا شریعت اسلام کا حکم سنایا تو حضرات لیڈر نے اُس مخلص ناصح کو کافر، منافق، خیر خواہ انگریز اور مذہب فروش کہا ہے ہندو مسلمانوں کو لچھ جانتے ہیں اس لئے وہ فرقہ جو اب ہندوؤں میں شامل اور اُن کے دین میں داخل ہوا ہے اگر کہئے اور آپ مسلمانوں کو کافر نہ کہے تو خود کافر ہو جائے۔

(۲) ہندوؤں سے آپ وداد رکھتے ہیں اور اسی کی تلقین مسلمانوں کو کرتے ہیں اہل حق وداد کفار کے ساتھ حرام بتاتے ہیں قرآن کریم کا فتویٰ پیش کرتے ہیں آیۃ کریمہ کی تلاوت کیجئے۔

لا تجد قوما یؤمنون باللہ	تو نہ پائے گا کسی قوم کو جو یقین رکھتی ہو اللہ
والیوم الآخر یوادون من	پر اور قیامت کے دن پر کہ وہ دوستی کرے
حاد اللہ ورسولہ ولو کانوا	اُن سے جنہوں نے مقابلہ کیا اللہ کا اور اس کے

ہیں کہ ہم اولاد بنائیں ہم کو خوف ہے ۔۔۔ رہیں گے بہرہ ان سے ہم اپنے مال
اور عشیرہ فقط اللہ ۔۔۔ یا رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں۔

آیۃ کریمہ پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ مخلصین اسلام وہ ہیں جو
نبیوں جیسے قلب میں اللہ اور اس کے رسول کی محبت بدرجہ اتم کی کوئی محبت کا ہو
محال ہی حضرات لیکن آپ نہ صرف گاندھی کے نشانِ امت میں سر فہرست ہیں بلکہ آپ کے
بادۂ عظمت سے آپ کے قلوب سرشار ہو رہے ہیں۔

حبیب کبریا خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی جناب میں گستاخی کا بیان
دینے والا حق سبحانہ کی طرف کذب جیسے قبیح امر کا منسوب کرنے والا آپ کی محبوب
کا نور اور دل کا سرور ہے لیکن اگر کوئی گاندھی کو کافر کہے جو محض واقعہ ہے تو آپ پر
تاب سننے کی نہیں رہتی۔

دنیا دیکھ رہی ہے کہ اس وقت گاندھی کی عظمت و محبت یا حضرات کس کی
نوعیت سے مسلمانوں کے دل میں پیدا کر رہے ہیں یہ صریح خلاف ورزی حکم آیت
نہیں تو کیا ہے۔

(۳) آپ حضرات نے ہندوؤں کا سہارا لیکر جس حق سے تمسک کیا
ہیں اور قرآن کریم کا فتویٰ پیش کرتے ہیں آیۃ کریمہ کی تلاوت کیجئے۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ

مسلمانوں خدا اور رسول کی طرف نہ بھٹکو
ورنہ تمہیں کل پڑے گی۔

امام راغب اصفہانی رکون کے معنی یہ بتاتے ہیں۔

رکن الشیء جانبہ الذی یقوی بہ کسی شے کے یہ رکن تم کہیں گے جس کی طرف

بلکہ وہ ستعار ملتی ہے شے کریڈٹ اور مستعار معنی اس کی قوت سے ہیں۔
آپ نے ہندوؤں کا ساتھ دیکر ان کی قوت کو اپنی قوت سمجھا ابتدا میں جس قدر
عدم تشدد شائع ہوئے ان میں یہ ہوتا تھا کہ مولانا عبدالباری صاحب کا فتویٰ
اور مہاتما گاندھی کا حکم لیکن اب تو صرف گاندھی صاحب کا حکم ہی حکم رہ گیا فرمان گاندھی
نے اب ایسی قوت حاصل کرلی کہ اس کی غاشیہ برداری کے لئے مولانا صاحب کے
فتوے کی بھی حاجت نہ رہی اس وقت گاندھی نہ صرف آپ کا رکن بلکہ مدار لیڈری
ہے گاندھی آپ کا ساتھ چھوڑ دے تو آپ کی لیڈری کی عمارت دھم سے زمین پر
گرپڑیگی۔

پہلے مسلمانوں کے زید اطمینان کی غرض سے چند احادیث شریفہ نقل کرتا ہوں
تاکہ انھیں اچھی طرح معلوم ہوجائے کہ دینی امور میں جب کہ کفار سے مدد لینا مکروہ ہے
تو دین کافر کی مدد مسلمان کے لئے کب جائز ہوسکتی ہے۔

عن حبیب بن اساف قال اتیت انا
ورجل من قومی رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم وھو یرید غزوۃ فقلت یا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم انا نستحی ان یشھد
قومنا مشھدا لا نستعین معھم فقال
لنستعین فقلنا لا قال فانا لا نستعین
بالمشرکین قال فاسلما وشھد ناھ
ثم آخر الحدیث رواہ ابو داؤد وصححہ

حضرت حبیب ابن اساف کہتے ہیں کہ کسی غزوہ پر
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے جارہے تھے میں
اور ایک شخص دوسری قوم کا جو ہمارے ساتھ تھا آئے
یہ ہمیں شرم آتی ہے کہ ہماری قوم ایک معرکہ پر
جارہی ہو اور ہم ان کی مدد میں شامل نہ ہوں
ارشاد ہوا کہ کیا تم دونوں مسلمان ہوئے حبیب
کہتے ہیں میں نے عرض کیا نہیں یا رسول اللہ
ارشاد ہوا ہم مشرک کی مدد نہیں لیتے حبیب کہتے
ہیں پھر ہم دونوں مسلمان ہوئے اور حضور صلی اللہ علیہ
وسلم کے ساتھ شریک غزوہ ہوئے۔

(۲) ان عبادة بن الصامت كان له حلفاء من اليهود فقال يوم الاحزاب يا رسول الله ان معي خمسمائة من اليهود وقد رايت ان استظهر بهم على العدو فنزلت هذه الاية لا يتخذ المومنون الكافرين اولياء الخ

عبادہ بن صامت کے چند یہودی حلیف تھے انہوں نے غزوۂ احزاب کے موقع پر عرض کیا یا رسول اللہ میرے ساتھ پانسو یہودی ہیں میں چاہتا ہوں کہ دشمن کے مقابلہ پر ان سے مدد لوں تو اس وقت یہ آیت نازل ہوئی کہ مومنین کو یہ نہیں چاہیئے کہ وہ کافروں کو اپنا مددگار بنائیں۔

(۳) امام مسلم صحیح مسلم شریف میں ایک باب منعقد فرماتے ہیں باب کراهة الاستعانة في الغزو بکافر یعنی اس باب کے تحت میں وہ حدیث بیان ہوئی ہے جس سے یہ ثابت ہوگا کہ غزوات میں کافر سے مدد لینا مکروہ ہے۔

عن عائشة زوج النبي صلى الله عليه وسلم انها قالت خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم قبل بدر فلما كان بحرة الوبرة ادركه رجل قد كان يذكر منه جرأة ونجدة ففرح اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم حين راوه فلما ادركه قال لرسول الله صلى الله عليه وسلم جئت لاتبعك واصيب معك قال له

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جنگ بدر کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے روانہ ہوئے جب مقام حرۃ الوبرۃ پر پہنچے تو ایک ایسا شخص ملا جو جرأت اور بہادری میں مشہور تھا صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دیکھ کر خوشی ہوئی کہ اب ہم کو بھی اس کی مدد حاصل ہوگی جب وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچا تو اس نے حضور سے عرض کیا میں آپ کی پیروی کرنا چاہتا ہوں کہ اس کو بھی غنیمت میں سے کچھ ملے آپ نے اس سے فرمایا کیا تم اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھتے ہو اس نے کہا نہیں آپ نے فرمایا واپس جاؤ میں ہرگز مشرک کی مدد نہیں لیتا۔

پھر جب ہم مقام شجرہ پر پہنچے تو اس نے اپنی مدد

بیٹی کی اور دوبارہ بات سنے وہی پہلا
جواب ملے تو پہلے بوجھ سے بوجھ شرک کی نہ
ہوگا پھر ہم مقدمہ ہیں پر پہنچے تو
اُس نے پھر اُنہیں کلمات عائشہ کے ساتھ
اپنے کو بیٹی بتایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے پھر پوچھا کہ کیا اللہ اور اُس کے رسول
پر تو ایمان لایا اب قیصری دفعہ اُس نے
عرض کیا ہاں ایمان لایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا پھر ساتھ چلو۔

صلی اللہ علیہ وسلم وشرف وکرم

(۲) فخر الدین رازی تفسیر کبیر میں تحت آیت کریمہ لا تتخذوا الیہود والنصاریٰ
دنیا فقہ ویہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں اگر لا تفعلوا واعلی الاستفصال لم
یلا تتوددوا بینھم یعنی ان کے دشمنی پر عقد دوستی سے نہ کرو۔ اور ان سے دوستی
بند نہ کرو۔

فاروق اعظم کا یک قولی نقل فرماتے ہیں۔

اس موقع پر ان کی تین بیٹے بسرہ پر حکومت اس وقت کی قید میں ذلیل ہوا
شوق دیدار سے مدینہ میں آئے تھے اور ان بنے اس وقت کا تب تھے اب
کرتا تھا یک نماز کو وقت آگیا فاروق اعظم کو جب اس کی خبر ہوئی تو
اس نے یہ کہا کہ اس کو نکال دو کہ یہ نصاریٰ میں سے ہے فاروق کے کلام میں

ایک نصرانی حراست نہ لینا چاہیے۔ ابوموسیٰ نے کہا یہ دین میں نئی بات ہے میں اپنی
مذہب اُسے مبارک ہو مجھے تو اس کے فن سے مطلب ہے میں یہ نہیں روا رکھتا
لا اکرمھم اذا اھانھم اللہ ولا اعزھم اذ اذلھم اللہ ولا ادنیھم اذ اقصاھم
اللہ یعنی میں اُس کی توقیر نہیں کرتا جس کی خدا نے توہین کی ہو میں اُسے عزت
نہیں دیتا جسے خدا نے ذلیل کیا ہو میں اُسے قریب نہیں رکھتا جسے خدا نے دور کیا
ہو ابوموسیٰ کہتے ہیں مجبوری یہ ہے کہ مسلمانوں میں کوئی اس کام کے واقف نہیں بغیر
اُس نصرانی کے بصرہ کا کام چل نہیں سکتا ابوموسیٰ کے خاص الفاظ یہ ہیں لا یتم
امر البصرۃ الا بہ یعنی بصرہ کا کام نہیں پورا ہوگا مگر اُس نصرانی سے فاروق اعظم
فرماتے ہیں مات النصرانی والسلام یعنی فرض کرلو کہ وہ نصرانی مرگیا اس کے
مرنے کے بعد آخر گورنری کے دفتر کا کچھ انتظام ہوگا وہی انتظام جو اس وقت کیا جاتا
اب کرلیا جائے۔

فاروق اعظم پر یہ امر مخفی تھا کہ دفتر کے کام میں کوئی نصرانی ماہر نہیں نصرانی
کی واقفیت و مہارت بھی معلوم تھی لیکن ایک کافر کو مسلمان کی گورنری میں غیرت
فاروقی کے برداشت میں نہ تھا۔

نصرانی محکوم تھا مسلمان حاکم تھا ابوموسیٰ کا حکومت تھا لیکن یہ جان ہوگر سارے
دفتر پر حاوی ہوجاتا تھا کاتب کا یہ مقام ہے کہ فاروق اعظم تو خود وقت محتاج
کو جب قلم اس کے ہاتھ میں دیتے تو اپنے ان کو کہ حضرت سے زبان سے مطلب کے مستقل
کریں تو یہ بھی نہیں۔

نصرانی کا کام اور اس کی لیاقت سے واقف ہونا ابوموسیٰ کا اس پر

نہ کو خلیفہ کی حیثیت پر برقرار رہنے امیر المومنین کو اسی وجہ سے اس کے معزول کرنے پر مصر رہنا کہ یہ کام جس پر مسلمانوں کو دسترس کامل نہیں اور کافر میں اس کی صلاحیت کامل موجود ہے مسلمانوں کے ضرر و نقصان کا اندیشہ ہے۔

بوعی اپنے خیال کی بنا پر کہتے تھے۔ لایتم امر البصرۃ الا بہ یعنی بصرہ کا کام بغیر اس نصرانی کے پورا نہ ہوگا۔ فاروق اعظم نے اپنے خیال کی بنا پر فیصلہ صادر فرمایا نصرانی نے اسلام قبول کر لیا اور اس کا کام دفن ہو گیا۔

اس عمل فاروقی نے یہ نکتہ بھی حل کر دیا کہ جب تک اپنا کام آپ نہ سنبھالا جائے گا اس وقت تک نہ تو کام کر آئے گا نہ تن آسانی چھوٹے گی دوسروں کی محنت پر بھروسہ کرنے کا ہی تو یہ نتیجہ ہے جو آج مسلمان ہر چیز میں محتاج اغیار ہیں انتہا یہ کہ دین بھی ایک کافر سے سیکھتے ہیں۔

(۱۰) فاروق اعظم کے فیصلے نے یہ ثابت کیا کہ کافر اگر فریق محارب نہ ہو جب بھی اس پر اس حد تک اعتماد نہ کیا جائے کہ مسلمانوں کے کاموں کی کفالت اس کے سپرد کر دی جائے کیا آج کی قوم حضرت سنت فاروقی پر عمل آرا ہوں گے مات الکافر فکمر اپنی تجویز العمال اور جملہ خلافت کو کانگریس سے پاک کریں گے۔

(۱۱) احادیث گذشتہ بھی فتوی فاروقی سے قبل لکھا گیا ہے ان سے معلوم ہوا کہ کافر کی مدد امور دینی خصوصاً جہاد میں قبول کرنے سے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے باصرار منع فرمایا ہے گو کافر بیعت کیلئے گرمی قلوب خلوص سے اپنے پیغمبر دین فطرت کی سنت پر عمل آرا ہو کر بدر میں گئے ہیں صحابہ بشرائط پر یہود کو شریک سے مدد نہ لیں۔

(۱۲) آیات اکیسلئے صاف و صریح الفاظ میں ظاہر کر دیا کہ موالات و ولایت اور کفار

مطلقاً کفار کے ساتھ حرام ہے خواہ لائق جائز ہو یا نہ ہو گا نہ ہی کیا گزری تھی جنگ
تعلیم حکم قرآن پر آ رہا ہے۔

گرامی قدر جنگ کفار سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی مدد قبول فرمائی ہے
مثلاً جنگ حنین کے موقع پر صفوان بن امیہ سے جو ابھی مسلمان نہ ہوئے تھے عاریۃً ہتھیار
آپ کو بھی اختیار ہے کہ کفار سے اسلحہ وغیرہ عاریۃً لے لیجئے۔

یا جنگ خیبر میں یہود یان بنو قینقاع کو داخل لشکر فرمایا تھا جو قینقاع کے یہودی
اسلامیت مغلوب اور اس کے محکوم ہو چکے تھے مسلمان ان پر غالب و مستولی تھے غدر کا
اندیشہ نہ تھا آپ بھی کفار ہند پر غلبہ حاصل کیجئے پھر انھیں داخل لشکر کیجئے۔

فتح القدیر اور مبسوط علامہ سرخسی میں کتاب السیر مفصلہ ہے نہایت تفصیل
یہ مسئلہ مسطور ہے اگر کفار اپنی رضا و رغبت سے داخل لشکر اسلام ہوں اور مسلمانوں کا مقابلہ
کفار سے ہو کافر لشکر اسلام میں اپنا اعتقادی و امتیازی علم نہ رکھے بلکہ مسلمانوں کے
جھنڈے کے نیچے رہے کہ دشمنان اسلام سے مقابلہ کرے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں
مال غنیمت میں کافر کا حصہ نہ ہو گا ہاں کچھ [illegible] دیدیا جائے تو اس کی اجازت ہے
[illegible] کافر کو اپنی حمایت میں لے کر [illegible] کافر کا علم جدا ہو اور مسلمان
اس کے تحت میں لڑتے ہوں یہ تفصیل حرام ہے۔

[illegible] کی حاجت نہیں
[illegible] اگر [illegible] کفار [illegible]
[illegible] استفتت

کیجے ضروریات زندگی میں ان کی مدد کیجے اگر ان میں سے کوئی بیمار ہو تو بیمار پرسی کیجئے دوا و علاج سے ہمدردی فرمایئے حیات تمدنی اور معاملات دنیوی میں خرید و فروخت بیع و ہبہ اور اجارہ وغیرہ بے دغدغہ بشرط علما جاری رکھئے اس لئے کہ یہ امور نہ موالات ہیں نہ داد و دور کون جگہ جائز و مرخص ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بالفعل غیر ان امور کو عزت عمل عطا فرمائی ہے۔

لیکن خدا کے لئے یہ مصیبت سمجھانوں پر نہ لایئے کہ جلسہ جمعیۃ العلماء کا منعقد ہوا دو شرکا گاندھی جس میں خطیب مذکر بن کر علماء اور عامہ مسلمین سے خطاب کرے جلسہ خلافت و ماکن منعقد ہو اور شرکا گاندھی اس کی صدارت کریں علماء زیر صدارت گاندھی تحریک شدھی پیش کریں ہندو مسلمانوں کی دینی مجالس کو کفار و مشرکین سے پاک کیجئے۔

اس سے بڑھکر مصیبت علمی یہ ہے کہ آپ اسلامی خصائص مٹا رہے ہیں فتنہ پوجا جنازہ مشرک وغیرہ سے عوام بے علم بہت کچھ گمراہ ہو چکے اب بھی انہیں توبہ و انابت کی طرف متوجہ کیجئے میں ایک فقیر بے نوا ہوں کسی طرح کی بضاعت اپنے پاس نہیں رکھتا ایک گوشہ تنہائی ہے اور محنت کی زندگانی نہ تو لیڈری کا سازو سامان رکھتا ہوں نہ رسمی پیری و مریدی کا ڈھب جانتا ہوں نہ مریدوں کی کوئی فوج اپنے پاس ہے نہ تلامذہ کی کوئی جماعت انگریزی مدرسہ میں استادی و شاگردی ع

ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا

پھر آپ جیسے بڑے قدر شناس کا کیا مقابلہ کر سکتا ہوں لیکن ہاں یہ تمنا کر سکتا ہوں کہ حق و صداقت میرے ساتھ ہے لیڈری کا نہ سہی اگر چند لمحات کی فرصت آپ حضرات کو ملا کرے تو فقیر کی معروضات پر توجہ فرمائیں۔

آج سے دس برس قبل فقیر نے جو کچھ عرض کیا تھا آپ نے اسے سنا اور بعض نے
نظر ثانی بھی فرمائی لیکن بات حق تھی اور دل کی راہ سے نکلی تھی اب آپ حضرات سے نہیں بلکہ
کہا اور انہیں کاموں کو کیا لیکن حمایت اسلام و خلیفۃ المسلمین کے نہیں بلکہ
گاندھی کے لئے پس ان نیک کاموں کی بھی صورت آپ کے ہاتھ سے ضائع ہو گئی
انا للہ ثم انا للہ ۔

(۱) فقیر نے التماس کیا تھا کہ ہر مسلمان سالانہ اپنی آمدنی کا ایک معقول حصہ
خدمات اسلامیہ کے لئے نکالا کرے اور ایک جگہ تجویز کر لی جائے جہاں سب کا روپیہ
جمع ہوا کریں ایک مجلس ہو جس کے تحت میں تمام تصنیفات و دینیات کی تجویز
کرتی ہوں خرچ کے قواعد امینوں اور رکنوں کے انتخاب و تنخواہیں مقرر ہوں
اس روپے میں سے ایک معینہ رقم سلطان کی خدمت میں مصارف دین کے لئے بھیجی
جائے باقی دیگر ضروریات مذہبی کے لئے محفوظ رہے۔

کیا خلافت کمیٹی آج اپنا یہی مقصد نہیں بتاتی ہے لیکن افسوس آج خود ہی جمعیۃ
قائم بھی ہوئی تو ہندو کی سرپرستی میں نہ خرچ کے قواعد نہ مصارف کا حساب اس بیدردی
سے مسلمانوں کا روپیہ عیش پرستی اور ہوا و ہوس میں لیڈر حضرات اڑا رہے ہیں کہ کسی کافر
نے بھی مسلمانوں کا خون کر اس طرح داد عشرت نہ دی ہوگی۔

(۲) فقیر نے التماس کیا تھا کہ مصلحین امت میں سے بعض افراد دیار عرب کا دورہ
فرمائیں اور بچشم خود یہ اندازہ کریں کہ کس خطہ عرب میں کس طرح کی تعلیم مفید ہوگی بعد
غور و فکر تعلیم گاہیں قائم کریں نیز عربوں کو بھی خبر کر دیں ؎

پڑھے گر عرب جیسے ہیں ہند و ستان ۔ ہے کہ بیگانگیں دور ہو ستان

یہ تحریک بہت وسعت و وضاحت سے بیان کی گئی تھی گو اس پر نیچریت کے اثرات نظر آتے تھے
تاہم یہ شیرازہ ترکوں سے جدا ہو کر نہ بکھرا نیز جس قدر کہ ہندوستانی اہل سنت و
حرفت یا صاحب علوم فن کی حاجت دیار عرب میں ہوئی انھیں وہاں جانے کی ترغیب
دی جاتی تھی۔ عرب کو دستوار کرنے اور ہنر مندی مسلمانوں کا بقدر حاجت و وسعت وہاں
سے جا کر منسلک بنیاد پر خدمت اس دعوا انجام پا تھا۔

۱۹۰۰ء برس بعد آپ نے اس امکان کو تسلیم کیا لیکن ہجرت کی تفہیم عام پھر کر مسلمانوں
کو تباہ اور ہندوؤں کو مالا مال کر دیا اب چندہ ہوتا ہے اور مہاجرین کو بھیجا جاتا ہے
اس طرح ایک مستقل تحریک تحصیل زر کی تو بیشک قایم ہو گئی لیکن مسلمانوں کا فوز و
بہبود بھی فائدہ ہوا۔

۱۹۰۰ء فقیر نے یہ تجویز کی تھی کہ علی ربط باہم ایک تعلق قایم ہونا چاہیئے جس طرح
سالکین کے سفر ایک دوسرے کی صحبتوں میں مقیم رہا کرتے ہیں اسی طرح چند اصحاب
باشیخ اہل سنت کے نائب ہوں افغانستان و ہندوستان وغیرہ میں اقامت اختیار کریں
باہمی بیعت و مشورت و دینی مسلمانوں میں پیدا کریں انجمن گزیشن و بیل
ان کی بہت بسط و تفصیل سے تائید کی تھی کہ اس سے بہت سے تیسرے فائدے
کی بجائے فقط فائدے کی امید ہے اس نے تعلقین اور بیعت سلسلہ سے مسلمانوں
مناسب کا خطہ پڑھا۔

جاتا رہے مگر دنیا ہمیں ضرور سمجھے گی یہ نفرت جہاں یہ بتاتی ہے
مضرات کا کیا ہی مذہب کی حقیقت اور وقعت ان کے نزدیک کیا ہے
کا نام کیوں لیا جاتا ہے وہاں یہ بھی بتاتے ہیں کہ ہندوستان میں
دارالاشاعت ہے۔ چنانچہ جلسہ جمعیۃ العلماء میں جس کا ذکر اوپر ہو
نے صاف الفاظ میں یہ کہا تھا کہ اللہ ہمت ایک نیک کام ہوا ہے کہ
گاندھی یقینی جائی ہو گئے ہیں" (الفتح دہلی ۲۰ نومبر ۱۹۲۰ء) پھر ایک
خدا نے ان کو گاندھی کا ہمارے واسطے نائب بنا کر بھیجا ہے قوت سے
پڑھانے والا مدرس بنا کر بھیجا ہے" (الفتح دہلی ۲۰ نومبر ۱۹۲۰ء) یہاں سے
جمعیۃ العلماء ہے یا امت گاندھی کا حلقہ یہ سلام اور فتح علیہ
بندوں کو دعوت دے رہی ہے یا گاندھی کی نبوت تسلیم کرا رہی ہے یہ حضرات
کی دردمندی میں انگریزوں سے لڑنا چاہتے ہیں یا دین گاندھی کے
اگر کسی نے سنا کی بات نہ سنی تو کافر و منافق و مرتد و معون اور جہنمی کہیں
لیڈران قوم آج اخبار و جرائد سے ہاتھوں میں ہیں ہے ہو گا
معاذ اللہ کو بدل اور اس کو حق کہا اور چھاپ کر شائع کر دیا تو ان کی بات
بن آئی ہے مخلوق اندھی ہو گئی ہے لیکن ایک وقت آئے گا اور سب حقیقت
ہو جائے گی۔

میدان کربلا میں یزیدیوں نے جو فوجیں نواسۂ رسول حسین علیہ السلام
فتح کے نشانے بجائے اور دنیا میں عموماً کوئی حق ہو سکتا ہے کہ یہ
ہو گئے یزیدیوں پر خدا نے یہی لعنت بھیجی کہ تا قیامت ان کا نام منقطع ہو

اس وقت اہل حق کے مقابلہ میں تمہیں اپنے انجوہ پر ناز ہوتے چاہتے ہو عوام سے فضیحت اور رسوا کرتے ہو اہل حق فضیحت تمہیں کہہ کر ضبط کر جاتے ہیں۔

اہل حق کے مقابلہ میں مثل یزید دعوی اجماع پیش کرتے ہو صریح نص قرآن اور نص حدیث کی مخالفت اور پھر اجماع کا دعوی ہائے اسلام قرآن کا نسخ اجماع سے جائز ہے اور پھر اجماع بھی ایسے علماء کا جن کے پاس خدا نے گماشتی کو مقرر کر بھیجا ہے جو ہیں پہلے دو گماشتی ہیں جس طرح قرآن نے تورات و انجیل کا ناسخ ہے اسی طرح گماشتی کا فرمان آیت امیہ کا ناسخ ان ملعون علماء و اجتہاد کے عقیدہ میں ہے۔

ہیئے بجز ان پاک عقیدہ کا انکار کرتے ہوئے کچھ تو شرمیئے الحیاء شعبۃ من الایمان۔

یزید یوں سے جب یزید کی امامت و خلافت کا حکم بھیجا گیا تو اہل حق کے مقابل میں ان لوگوں سے یہی دلیل پیش کی گئی کہ سوائے ملک یزید کی امامت تسلیم کرنے پر اجماع ہو گیا ہے چار شخص ہیں جو اس کی امامت تسلیم نہیں کرتے یعنی عبدالرحمن بن ابی بکر، عبداللہ ابن زبیر، عبداللہ بن عمر و حضرت حسین رضی اللہ عنہم اجمعین۔

دیکھئے جو وہ اجماع جو یزید کی امامت پر ہوا تھا کیسے عجیب و غریب ہوا جبکہ ان چار اہل حق کا بیان دینے سے بازآنے کی نسبت ان کی نسبت اپنے ہاتھ اہل حق کو قتل کرنے کی تجویز کی یہ ہے کہ اجماع قرآن کے ایک حکم کی تنسیخ کر سکتا ہے اجماع کی یہ حیثیت ہے کہ اجماع کے مقابلہ میں اہل حق کی بات مجرا کا حکم رکھتی ہے اجماع کے مقابلہ میں آسمان سے فرشتے بھی بلا کر لائے جائیں تو ان کی بات نہیں سنی جاتی یہ ہے اجماع کی حقیقت یہ تصور ہوا کہ جس وقت ساری دنیا میں ظلم قہر ہو تو کار کی زبان کو حق کہنے کی

تھی جس وقت سارے اقوام خشک تھے مجھ بے بضاعت کو قوم نے تر کیا جس وقت سارے پاؤں مضبوط تھے مجھ ضعیف کا پاؤں نہ ٹکا اس پر خدا نے احسان کیا اس میں میری کیا فضیلت ہوئی یہ تو اللہ کا فضل تھا تو اس کے دست پنہ تھے اور داد عیش و نشاط دیتے تھے زرکشی کے سے جس خن کے مضامیں خوبی تم اُنھی کو سکتے اُنھی کو کہتے تھے لیکن اس فقیر کو خلافت کی دولت تھی اس سے تمہارے مختصر تاریخ پھر اُن کی خلافت اُن کی طاعت اور اُن کے حقوق دلیل و برہان کے ساتھ مسلمانوں کے سامنے پیش کر دی اور مجھ فقیر کا رسالہ البیعۃ

تمہیں مسئلہ خلافت کی اب اگر بو دجن بھی بندھی تو یک کاذبہ تذکیر تقلید اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خلافت کی جگہ سوا رہ سے خلیفۃ المسلمین بے کہیں رفع دعی تقلید ہو گئی نے اور شیخ الاسلام کا لقب شیخ لین بنے لیا۔

حقیقت یہ ہے کہ خلق ہو کر طوفان اور جہاز کے تباہی کا ہم ہی دلی تھی کو ہوتا ہے لیکن جہاز کا ناخدا طوفان کو بہت پتلے اور بہت زاویہ سے جانتا ہے اس کے دل میں تجربہ خیال ہوتے ہیں وہ ناخدا کے تدبیر و فطرت پرستی ہیں لیکن اس تقلید کا نالہ و شیون ہو جاتا ہے۔

مولیٰ تبارک و تعالیٰ کا بڑا احسان اور اس کے اس میں کرم کا بڑا شکر ہے جس چیز کو آج آپ قوم کے سامنے پیش کر رہے ہیں فقیر کو دس برس قبل قوم کے سامنے پیش کرنے کی ہدایت فرمائی تھی۔

جس جگہ آج لیڈروں کے قدم جا رہے ہیں اس کی سیر میں نے دس برس قبل کر لی تھی مسکین و عاجز کو دکھائی گئی جس روز آپ لیڈروں کو یہ ڈور چھی کر رہے ہو گی اسی روز

[illegible] خصوصاً یہ بات بھی ہو چکی ہے [illegible] کے لطائف سے

[illegible]

[illegible] حضرت [illegible] آپ کے [illegible] نہ ہو گا زمی [illegible]

[illegible] ہو گا پھر اپنے [illegible] کی [illegible] کو کیوں [illegible]

[illegible] فرمائیں [illegible]

گزشتہ سال [illegible] اور [illegible] میں ایک [illegible] کو خطاب کرتے ہوئے

[illegible] سے [illegible] نہیں [illegible] سے [illegible] جو اس وقت [illegible]

[illegible]

خواجہ [illegible] صاحب [illegible] ہوشیار آباد [illegible] کے جلسہ میں [illegible]

[illegible] سے [illegible] آپ [illegible]

[illegible] ہو [illegible] [illegible] کا [illegible] [illegible] ہے

[illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible]

[illegible]

عبادات دائرہ کے متعلق فقیر کو جو کچھ عرض کرنا تھا عرض کر چکا۔ اب اس سے فارغ ہو چکا ہوں۔ بفوت حضرت سید ریاض حسین کے ان کا کوئی قائم مقام نہیں ہے۔ اس سلسلہ کو فقیر قائم نہیں ہے سمجھتے اس قدر فرصت کہ ان کے جواب اعمال کے پیچھے پڑ سکیں۔ تحریر کو ختم کرتا ہوں کہ اگر فقیر کے جواب میں آپ نے کسی رسوائی دشنام دہی کا ارادہ فرمایا تو فقیر کی طرف سے سکوت محض ہوگا۔ ہاں جو امور شورہ کے طور پر بیان کئے گئے ہیں ان کا اگر آپ رد فرمائیں گے تو یہ فیصلہ ارباب حل و عقد پر موقوف رکھتا ہوں کس کا ہے۔ لیکن اگر مسائل مشروحہ میں آپ نے کلام کیا تو اس کا فیصلہ ابھی کئے دیتا ہوں جو ہم بھی سمجھ جائیں گے اور نہیں اس کی ذمہ داری فقیر سے نہ ہوگی کہ کس کی گردن پر ہے کیا قرآن و حدیث میں نہیں آیا ہے۔

(۱) ایک نے یہ پوچھا ہے کہ اسلام کا دشمن کون ہے۔ اور کس کو اسلام سے خارج کہا جائے۔ اس کا جواب کافی طور سے دیا جا چکا ہے۔ اگر آپ نے اس کو نہیں سمجھا تو آپ کی قابلیت کی قابلیت ہے۔ اس کا جواب کیا دیا جائے۔ ہاں اس قدر اور عرض کر دینا ہے کہ اس کا فیصلہ کرنا کہ کون اسلام سے خارج ہے اور کون نہیں۔ یہ کام ہر شخص کا نہیں ہے۔ اس کے لئے علماء کی طرف رجوع کرنا چاہئے۔ آپ سے آپ فیصلہ کرنا اور اس پر عمل کرنا یہ تو [illegible] ایسا ہی ہے جیسا کہ [illegible]

(۲) اس نے یہ عرض کیا ہے کہ [illegible] ہیں۔ [illegible]

ں نے کہ یہ استثنات فی الحقیقت مستحق مرد مذمت گزاری ہے یا محکوم تو سوں لیکن
مسلمانوں کے جھنڈے کے نیچے رہ کر دشمنان دین کا مقابلہ کریں عام مسلمانوں کا
ہو دہ مقدر پر حکومت مسلمانوں کی ہو تو ایسی صورت میں بھی کافر کا شریک کرنا جائز ہو
اس دعوے کے ثبوت میں تین حدیثیں پیش کی ہیں فقہائے کرام کی تحقیق
کا ہونا دیا ہے۔

آپ کوئی حدیث ایسی نکالیں جس میں یہ حکم ہو استعینوا باکفار والمشرکین
یعنی کفار و مشرکین سے مدد لو۔ یا فقہائے کرام کا کوئی فتویٰ نقل فرمائیے جس میں
یہ ہو کہ کافر کو علی بردہ اسلام اور فوجی پیسالار بنا کر مسلمانوں کو جہاد لڑنا جائز ہے
اس میں نے یہ عرض کیا ہے کہ آیۃ لا ینھکم اللہ الخ کو قتادہ نے منسوخ فرمایا
ہے اور یہی مذہب اکثر صحابہ رضی اللہ عنہم کا ہے آپ کسی مفسر یا محدث یا فقیہ کا ایک قول
بھی ایسا نقل فرمائیں جس میں یہ ہو کہ آیۃ لا ینھکم اللہ الخ ان ساری آیتوں کی ناسخ
ہے جن میں مطلق مخالفت موالات و دوستی اور کون حرام فرمایا گیا ہے۔

میں نے یہ عرض کیا ہے کہ اگر آیۃ لا ینھکم اللہ الخ کو منسوخ نہ بھی مانیں جیسا
کہ علامہ ابن جریر طبری کا مسلک ہے جب بھی اپنے کفار سے جو مسلمانوں سے دین کے
بارے میں نہ قتال کریں نہ انہیں ان کے گھروں سے نکالیں صرف برواقط کی اجازت
پائی جاتی ہے نہ کہ موالات و دوستی آپ کسی مفسر یا محدث یا فقیہ کا ایک قول
ایسا نقل فرمائیں جس سے یہ ثابت ہوتا ہو کہ آیۃ ہذا نے مذکورہ بالا تمام دوستی
یا برواقط کی اجازت سے موالات و دوستی کے کون سے اجزاء کی ممانعت ہو گئی ہے
کفار و غیرہ کا تجسس کرنا شاہد ہے جاعل ہونا ہو گا فی ان لم تفعلوا ان تفعلوا

فاتقوا النار التی وقودھا الناس والحجارۃ اعدت للکافرین اس سے قبل اور عرض کر دوں کہ یہ تحقیق مستفتی عن الکتاب حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب سلمہ ربی دہلی کو نہ دی جائے ورنہ حدیث و تفسیر دونوں سے ثبوت پیش کروں گا۔ وجہ یہ ہے اس لئے کہ وہاں تصنیف کا دروازہ بہت چوڑا کشادہ ہے۔ تحقیق نہیں ہے نہ عبارت مصنفہ۔

مسئلہ قربانی میں حکیم صاحب حدیث تصنیف فرما چکے تھے زوجہ ۱۳۲۲ھ میں جو جمعیۃ العلماء کا دہلی میں منعقد ہوا وہاں بحیثیت صدر مستقبالیہ کمیٹی آپ نے یہ خطبہ صدارت پڑھا تفسیر ابن جریر کی اس قدر عبارت پڑھ کر کہ آیۃ لا ینصکم اللہ عنہ منسوخ نہیں ہے فوراً اس نتیجہ پر حکیم صاحب پہنچ گئے کہ ہندوؤں سے موالات جائز ہے دلیل یہ تحقیق نتیجہ اس شان سے فرمایا ہیں سے یہ معلوم ہوا کہ یہ حکیم صاحب کا اجتہاد و مستنبط نہیں ہے بلکہ ابن جریر کی تحقیق ہے۔

پھر ایک حدیث بیان کرنے کی بھی زحمت گوارہ فرمائی (حسب معمول تحریف و اقتراء کا ایک دوسرا نمونہ آپ نے پیش فرمایا ارشاد ہوتا ہے۔

"احد کی لڑائی میں قریش جو ایک مشرک تھے رسول مقبول کی طرف سے انہوں نے بنی عبد الدار کے ان تین آدمیوں کو قتل کیا جو فریق مخالف کے علمبردار تھے یہاں تک کہ رسول مقبول سے خوش ہو کر فرمایا ان اللہ لیؤید ھذا الدین بالرجل الفاجر یعنی بیشک اللہ اس دین کی مدد فاجر سے مدد کرتا ہے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص کو فاجر فرماتے حکیم صاحب مشرک کہیں گے یہ فاجر و مشرک دونوں لفظ مرادف ہیں سب مسلمان جانتے ہیں کہ حدیث میں دین سے صدقہ الخلف کل بروف فجر

یعنی نیکو کار اور بدکار دونوں کے پیچھے نماز پڑھنے کی اجازت ہے پس اگر فاجر و مشرک ہم مراد ہیں تو کل سے جماعتی کے پیچھے آپ نماز پڑھنے کا اجتناب فرمائیں گے اور کیا عجب کہ آپ حضرات نے یہ سعادت حاصل کی ہو

کس دلیری سے حکیم صاحب یہ فرماتے ہیں کہ قرآن کے مقابلہ سے خوش ہو کر آپ نے یہ فرمایا تھا کہ اللہ اس دین کی مدد فاجر سے مدد فرماتا ہے حکیم صاحب یہی مصیبت کیا کم تھی کہ ہندوؤں کی محبت آپ کے دل میں جاگزیں ہو گئی اب حدیث صاحب لولاک میں افترا و تحریف کی بلا کیوں اپنے سر لیتے ہیں۔

زیادہ بحث کی گنجائش و مہلت نہیں براہ کرم اس کا ثبوت پیش کیجئے کہ قرآن مشرک تھا اور قرآن سے خوش ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا فرمایا تھا۔

حکیم صاحب! قرآن منافق تھا اور اس عیاری سے اپنے نفاق کو اس نے مخفی رکھا تھا کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُسے مومن صادق جانتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے متعلق یہ پیشگوئی فرمائی تھی کہ یہ دوزخی ہے صحابہ کرام جو معرکہ قتال میں جب کہ اس کے سر پر موت ناچ رہی تھی اس کی دلاوری کی خبر دیتے اس وقت بھی آپ نے یہی ارشاد فرمایا کہ وہ دوزخی ہے۔

قرآن مجید ہو از خود غرضی کی کیفیت برداشت نہ کر سکا آخر اس نے خودکشی کر لی اور اس طرح اپنے دوزخی ہونے کو پختہ کر دکھایا اس وقت جب کہ اس کی

خودکشی کی خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچی اور آقائے دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی پوری ہوئی تب ارشاد ہوا کہ اللہ اپنے دین کی مدد مرد فاجر سے فرماتا ہے۔ دُنیا جانتی ہے کہ منافقین کے ساتھ برتاؤ مثل مسلمین جاری تھا وہ مسجد نبوی میں حاضر ہوتے تھے نمازیں پڑھتے تھے غزوات میں مسلمانوں کے ہمرکاب ہوتے تھے۔

اللہ اللہ کفر کے ساتھ کیسی شیفتگی و فریفتگی ہے کہ کذب و افترا کا ارتکاب ایسے سنجیدہ و متین اشخاص کس اطمینان و سکون سے کرتے ہیں۔

جمعیۃ العلماء کے پانسو فضلا کیسے متبحر و متدین عالم ہیں کہ تفسیر میں حدیث میں افترا ہوتا ہے لیکن اصلاح کی قسم ہے۔

مسلمانوں! آنکھیں کھولو علماء سیاسی یہ کہتے ہیں کہ "خدا نے گاندھی کو مذکر بنا کر بھیجا ہے" "پس رہ گاندھی صاحب کا ہوں"۔ علوم مشرقیہ کا فرد فرید اس طرح تحریف کرتا ہے جنٹلمین لیڈر یہ کہتا ہے کہ اگر "ہندو بھائیوں کو راضی کر دو گے تو خدا کو راضی کر دو گے" عوام گاندھی کی جے پکارتے ہیں ع۔ تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم

جب دیانت و تقوے کا یہ حال ہو کفر کی اس بیباکی سے حمایت کی جارہی ہو تو پھر یہ خدمت خلافت ہے یا ہلاکت مسلمین ایسی مجلس میں شریک ہونا چندہ دینا ثواب ہے یا گناہ عظیم خدا مسلمانوں کو ہدایت فرمائے یہ فقیر گنہگار بھی دل سے اولاد مسلمین کے حق میں دعاء ہدایت کرتا ہے اور لیڈران قوم سے نہایت

نیازمندانہ التماس پیش کرتا ہے کہ دروازہ توبہ کا ہنوز بند نہیں ہوا ہے پاک مذہب اسلام تم سے کہہ رہا ہے کہ ؎

بمژگانِ سیہ کردی ہزاراں رخنہ در دینم
بیا کز چشم بیمارت ہزاراں درد برچینم

وَاللّٰہُ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

حررہ بقلم

فقیر محمد سلیمان اشرف عفی عنہٗ

محلہ میرداد

بہار شریف ضلع پٹنہ

WWW.NAFSEISLAM.COM

گزارش

اس رسالہ میں کثیر التعداد اصولی و فروعی ضروری مباحث ہیں، ہر اصل کے ماتحت متعدد فروع ہیں جن صاحب کو جو اصلی یا ضمنی بحث دیکھنی منظور ہو وہ فہرست مضامین کی مدد سے ملاحظہ فرمائیں

Nafse Islam
WWW.NAFSEISLAM.COM

لوحِ مزار

حضرت پروفیسر سید محمد سلیمان اشرف قدس سرہ العزیز



کھجور کا ایک قدیم درخت بصد احترام سایہ فگن ہے۔

ادارۂ پاکستان شناسی لاہور